J

J, j, n. انگریزی حُرُوف تہجّی کا دسواں حرف اور ساتواں حرف صحیح ؛ بولنے میں حرف جے (J) کا متبادل ؛ سلسلے یا ترتیب میں دسواں ؛ J یا j سے ملتی جلتی کوئی شکل ؛ طابع کا J یا j کے حرف کو طبع کرنے کا ترسیمی آلہ ؛ چوڑے قط کا نِب جسے J کانب کہتے ہیں ۔ (طبیعیات) (عموماً بڑے J سے) کام کی اکائی جاؤل کی علامت ۔

jab, v.t., v.i. بھونک دینا ؛ گھاؤ لگانا ؛ چبھونا ؛ چبھو دینا ؛ بھونکنا ؛ دھنسانا ؛ دھنسا دینا ؛ گھسیڑنا ؛ کسی تیز نوک دار چیز سے زخم لگانا ؛ کس کر تیز گھونسا یا مُکّا مارنا ۔ (اسم) مُکّے بازی میں زور دار گھونسے یا مُکّے کی ضرب ؛ گہری ہول (سنگین کو دشمن کے جسم سے پوری طرح نکالے بغیر دوبارہ ہول مارنا) ۔

jabbingly, adv بھونکتے یا گھونپتے ہوئے ۔

jabber, v.i. بات چیت کا تیز ، غیر واضح اور بکواس ہونا ؛ بُڑبڑانا ۔ (فعل متعدی) مُہمل بکنا ؛ اتنا تیزی سے بولنا کہ بات سمجھ میں نہ آئے (جیسے : to jabber French) ؛ زڑ ہانکنا ؛ بکنا ۔ (اسم) بکواس ؛ بک بک ؛ بڑ ؛ زڑ ؛ زٹل ؛ مُہمل گفتگو ؛ بے معنی آوازیں ۔

jabberer, n. بڑبڑیا ؛ بکواسی ؛ بے معنی گُفتگو کرنے والا ؛ بکّی ؛ جھکّی ۔

jabberingly, adv. بکواس کرتے ہوئے ؛ بڑبڑاتے ہوئے ؛ بے معنی گفتگو کرتے ہوئے ۔

jabberwocky, n. [لیوس کیرول (Lewis Carroll) کے مجموعۂ کلام میں ایک نظم کے حوالے سے] کوئی نظم جس کی خصوصیت مہمل ارکان اور بے معنی کلام ہو ؛ تحریر و تقریر میں اِس اسلُوب کی نقل ؛ مہمل گُفتگُو ۔ (صفت) بے معنی ، جس کی خصوصیت یاوہ گوئی یا بے معنی نظم نگاری ہو ۔

jabiru, n. [برازیل] جبیرو ؛ لق لق ؛ لم ڈھینگ ؛ لم ٹنگا ؛ امریکا کے گرم خِطّوں میں پایا جانے والا جبیرو خاندان کا سفید رنگ کا بڑا آبی پرندہ ؛ افریقہ ، شرق الہند اور آسٹریلیا میں اس قسم کے پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

jaborandi, n. [برازیل] جبروندی ؛ جنوبی امریکا میں پائی جانے والی پِلوکَارپَس (Pilocarpus) جنس کی جھاڑیوں میں سے کوئی ؛ ان میں سے بعض جھاڑیوں کے خُشک پتّوں سے پلوکارپین (pilocarpine) حاصل کی جاتی ہے ۔

jabot, n. جبوت ؛ مُنقّش جھالر ، سنجاف ، چُنَّٹ یا زردوزی فیتہ جسے خواتین اپنے بلاؤز کے وسط یا سینہ بند پر لگاتی ہیں ؛ چُنَّٹ دار جھالر جسے پہلے زمانے میں مرد اپنی قمیص کے سامنے والے حصّے پر ٹانکتے تھے ۔

jaboticaba, n. جبوتی کابا ؛ گرم ملکوں میں مہندی کی نسل کا جھاڑی دار درخت جس کا خوردنی پھل انگور جیسا ہوتا ہے ، کیلیفورنیا ، فلوریڈا اور دوسرے گرم خطوں میں کاشت کیا جاتا ہے ۔

jacal, n. [میکسیکو ، ہسپانوی] ہیکال ؛ جنوب مغربی امریکا اور میکسیکو میں چھوٹا سا مکان یا جھونپڑی جس کی دیواریں پتلی عمُودی سَرکیوں کی قطاروں پر مشتمل ہوتی ہیں جنھیں گارے اور مٹی سے بھرا اور لیپا جاتا ہے ۔

jacamar, n. [برازیل] جیکامار ؛ امریکا کے گرم علاقوں کے تیز نکیلے چونچ والے شوخ رنگ گال بولائی نسل (Galbulidae) کے کِرم خور پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

jacana, lily-trotter, n. [برازیل] ژَنانا ؛ زقزاق سے مُشابِہ ایک لمبی ٹانگوں اور سیدھے پنجوں والا چھوٹا پرندہ جو دریائی پودوں کے بہتے ہوئے پتّوں پر بہ آسانی چل پھر سکتا ہے ۔

jacaranda, n. [برازیل] جَیکارَندا ؛ امریکا کے گرم علاقوں کا ایک بہت اونچا درخت ؛ ایسے درخت کی خوشبودار آرایشی لکڑی ۔

jacinth, n. دیکھیے : hyacinth ۔

jack, n. کوئی شخص یا عام آدمی ؛ فلاں شخص ؛ محنت کش ، عموماً ترکیبی صورت میں (جیسے : lumberjack, a steeplejack) ۔ (اکثر بڑے J کے ساتھ) ملّاح ۔ (میکانیات) مشین جس سے کم فاصلے تک کا بوجھ اوپر اٹھایا جاسکے ۔ (تاش کا کھیل) تاش کا پتّا جس پر لڑکے یا غلام کی تصویر بنی ہو ۔ (جہازرانی) چھوٹا جَھنڈا جو اظہارِ قومیّت کے لیے جہاز کے مستول پر لہرایا جائے ؛ مستول کے بالاترین حصّے کی آہنی ٹیک ؛ گاڑی کے پہیے صاف کرنے کے لیے زمین سے اُونچا اٹھائے رکھنے کا آلہ ؛ کسی کام کے لیے کوئی کار آمد اوزار ، جیسے کباب سینکنے کے لیے سیخ گرداں ؛ اکثر دو لفظوں سے مُرکّب (جیسے : a bootjack) ۔ (عوامی) روپیہ پیسہ ؛ جیک کے کھیل میں استعمال ہونے والے چھوٹے پتّھروں میں سے ایک پتھر یا شش گوشہ دھاتی ٹُکڑوں میں سے ایک ؛ ٹیکن ؛ جیک ؛ رام پھل ؛ سیخ گرداں ؛ خانہ ؛ اڈّا ؛ جھنڈا ؛ مِضراب ؛ کلغی دار کبوتر ؛ موزہ کَش ؛ سیخ ؛ پھانا ؛ زرہ بکتر ؛ کمری ؛ جاکٹ ؛ نَر ؛ مچھلی کا بچّہ ۔ (برق) بجلی کے سرکٹ کو مکمل کرنے کے لیے آلہ ۔ (صفت) کسی نوع کی تذکیر کے اظہار کے لیے بعض اوقات ترکیب میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : a jackass) ۔

jackstone, (جمع لیکن ترکیب میں واحد) بچوں کا ایک کھیل جس میں کھلاڑی بیک وقت ایک چھوٹی گیند کو گدّا بھی دیتا ہے اور نشانہ بھی اُکھاڑتا ہے ؛ لان میں گیند پھینکنے کے لیے لگایا ہوا ہدف یا گیند جِسے کھیل میں ہدف کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ بین کی طرح کے باجے یا ایسے ہی کسی اور آلے کا پُرزہ جس سے اس کے تار کو چھیڑا جاسکے ۔

every man jack, بلا استثنا ہر شخص ؛ ہر کس و ناکس ؛ ہر ایک ؛ ہر فرد و بشر ؛ ہر کوئی ۔

jack, v.t. جیک سے اُٹھانا یا حرکت دینا ؛ جیک لگانا ؛ دست بردار ہونا ؛ چھوڑ دینا (up کے ساتھ مستعمل) ۔(بول چال) بڑھانا ؛ اضافہ کرنا (جیسے : to jack up prices) ؛ جیک روشنی کے ساتھ رات کو مچھلی یا شکار ڈھونڈنا ۔ (فعل لازم) روشنی کے ساتھ مچھلی کا شکار کھیلنا ۔

jacker, رات کو شکار کھیلنے والا ۔

jackal, n. گیدڑ ؛ شغال ؛ سیار ؛ جنگلی کُتّوں کی نسل کا جانور، ایشیا اور افریقہ کی جنس سگ (Canis) سے متعلّق جو رات کے وقت غول کی شکل میں اپنے شکار کو نکلتا ہے ؛ وہ شخص جو دُوسروں کے لیے بُرے ، ذلیل اور بے ایمانی کے کام کرتا ہے ؛ کسی کا گُرگا ؛ شِر گال ۔

jackanapes, n. بے ہود شخص ؛ گُستاخ بچّہ ؛ ظاہر دار ؛ نمُود یا ؛ چھچھوراءمسخرا ؛ چھیلا ؛ بُدّھو ؛ مُورکھ ؛ ڈِھیٹ آدمی ؛ شریر بچّہ ۔ (قدیم) بندر ؛ میمون ۔

jackass, n. گدھا ؛ خر ؛ بے وقوف یا احمق شخص ۔

jackassery, n. بے وقوفانہ یا احمقانہ کام ؛ حماقت ۔

jack bean, n. راج لوبیا ؛ لوبیا یا باقلا یا پھلی کی ایک قسم ؛ کینا وَیلیا اینسی فورمس (Canavalia ensiformis) جو امریکا کے گرم علاقے میں آرایشی اور خُوردنی اغراض کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ۔

jack boot, n. جیک بُوٹ ؛ موزہ ؛ گھٹنوں تک لمبا بھاری فوجی بوٹ ۔

jack daw, daw, n. جیک ڈا ؛ زغن ؛ کاگ ؛ زاغِ صغیر ؛ کاروس مونی ڈولا (Corvus Monedula) کوّے کی نسل کا ایک یورپی کالا پرندہ ؛ ایک قسم کا چھوٹا کوّا ۔

jacket, n. جیکٹ ؛ جاکٹ ؛ آستین دار صدری ؛ مرزئی ؛ گردپوش ؛ آگے سے کُھلا چھوٹا کوٹ جو لباس کے اُوپر پہنا جاتا ہے ؛ کپڑے ، کاغذ یا دھات کی پوشش جو کسی چیز کو گردو غبار یا گرمی، سردی سے محفوظ رکھے (جیسے : a record or book jacket) ؛ دستاویزات کے لیے کُھلا لفافہ ؛ آلو کا چھلکا ؛ غلاف ۔ (فعل متعدی) جیکٹ سے ڈھانپنا یا آراستہ کرنا ؛ غلاف چڑھانا ۔

jacketed, a. جیکٹ والا ؛ غلاف دار ۔

jacketless, a. بے صدری ؛ بے غلاف ۔

jacketlike, a. صدری نُما ۔

Jack Frost, n. کُہر یا نہایت سرد موسم کی تجسیم ؛ برفانی دیوی ؛ مُنجمِد موسم کی مُشخصّ صورت ۔

jack fruit, jak, n. کٹھل ؛ ایک ایشیائی درخت جو گرم علاقوں میں وسیع پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے اور اس کے بڑے بڑے پھلوں کا گُودا اور بیج دونوں کھائے جاتے ہیں ، پھنَس ۔

jack hammer, n. بڑا ہتھوڑا ؛ درّان ؛ چٹانوں میں سوراخ کرنے کا مشینی ہتھوڑا جو ہوا کے دباؤ سے چلتا ہے ۔

jack-in-the-box, jack-in-a-box, n. ڈِبّے کا بُھتنا ؛ کھلونوں کا ڈِبّا ، جس میں سے مسخرے کی شبیہہ ڈھکنا کھلنے پر اُچھل کر باہر آتی ہے ، صندوق کا مؤکل ، اُلو کا پٹّھا ۔

jack-in-the-pulpit, Indian Turnip, n. ہندوستانی شلجم ؛ عجالہ (Arum) خاندان کا شمالی امریکا کا عام پودا جس کے اُوپر سیدھے پُھولوں کا گچھّا جزوی طور پر پتّوں جیسے غلاف سے ڈھکا ہوتا ہے ۔

Jack Ketch, n. [انگریز جلاد جان کَیچ کے نام پر] (برطانوی ، عوامی) جیک کیچ ؛ جلاّد ؛ پھانسی دینے والا ۔

jacknife, n. بڑا مضبوط جیبی چاقو ؛ آگے کا غوطہ جس میں غوطہ خور اپنی کمر کو اِس طرح جُھکاتا ہے کہ اس کے ہاتھ ، پاؤں کو چُھونے لگتے ہیں ، اور پھر وہ پانی میں داخل ہونے سے پہلے اپنے جسم کو سیدھا کر لیتا ہے اور سِر کے بل غوطہ لگاتا ہے ۔ (فعلِ متعدی) کاٹنے کے لیے بڑا چاقو استعمال کرنا یا بڑے چاقو سے کٹوانا ۔ (فعل لازم) چاقو کی طرح درمیان سے جُھکنا یا دُہرا ہونا جس طرح دو ٹرک آمنے سامنے سے ٹکّر لگنے پر درمیان سے دُہرے ہو جاتے ہیں ۔

jackleg, a. شوقیہ ؛ ناپُختہ ؛ بے ایمان ؛ فن و تربیت میں ناکافی یا خام ؛ تربیت میں قابلِ اعتراض طریقے اِستعمال کرنے والا ؛ پیشہ ورانہ معیاروں سے کم تر ؛ عارضی یا دفع الوقتی ۔

jacklight, n. رات کے وقت شکار کرنے یا مچھلی پکڑنے کے لیے روشنی ۔ (فعل) روشنی سے شکار ہونا یا کرنا ۔

jacklighter, n. روشنی سے شکار کرنے والا/مچھلی پکڑنے والا ۔

jack mackerel, n. جیک میکریل ؛ ایک قسم کی خوردنی مچھلی جس کا تعلّق ٹراکورس (Trachurus) جنس سے ہے جو عموماً کیلیفورنیا کے ساحل کے ساتھ ساتھ پائی جاتی ہے ۔

jack-of-all-trades, n. ہر فن مولا ؛ بہ آسانی اوزار استعمال کرنے والا شخص ؛ مختلف کاموں میں کام کرنے کی سطحی صلاحیت رکھنے والا آدمی ۔

jack-o'-lantern, n. اگیا بیتال ؛ شیطانی آگ ؛ غُولِ بیابانی ؛ وہ لالٹین جو کدّو کو کھوکھلا کرکے چہرے سے مشابہ بنائی گئی ہو ؛ آتشیں سراب ؛ دلدلی زمین میں نظر آنے والی چمکدار روشنی ؛ وہ آگ جو دلدلی زمین میں مسافر کو دھوکا دیتی ہے ؛ چھلاوا ؛ شہابہ ۔

jack pine, n. صنوبر ؛ بنکسیانا جنسِ صنوبر (Pinus banksiana) کا درخت ، جو عموماً شمالی امریکا کے بنجر یا چٹانی علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

jackplane, n. رندا ؛ ۱۸ انچ لمبا رندا جسے بڑھئی کُھردری لکڑی کو ہموار کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

jackpot, n. (پوکر) داؤ جو کھیل کے دوران اُس وقت تک جمع ہوتے رہتے ہیں جب تک کوئی کھلاڑی دو جیک (J) یا اس سے زیادہ قیمتی پتّے کھیل کر شرط لگانے کا آغاز نہ کر دے ؛ مقابلے کا سب سے بڑا انعام جس میں لگائی گئی شرطوں کی مجموعی رقم شامل ہو ۔

hit the jackpot, (عوامی) سب سے بڑا انعام جیتنا یامطلُوبہ صِلہ حاصل کرنا ؛ نمایاں کامیابی حاصل کرنا ۔

jack rabbit, n. لمبے کانوں اور اگلی ٹانگوں کی نسبت پچھلی زیادہ لمبی ٹانگوں والا خرگوش جو شمال مغربی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

jackscrew, n. پیچواں جیک ؛ بھاری اشیا کو محدود بُلندی تک اُٹھانے والا جیک جو پیچ گُھمانے سے کام کرے ۔

jackshaft, n. متقابل دُھرا ؛ سُرنگ یا کان کا دُھرا یا بَلّی ۔

jacksmelt, n. شہ ماہی ؛ بڑی مچھلی ؛ ایک بڑی مچھلی جو ریاستہائے متحدہ امریکا میں ، بحرالکاہل کے ساحلوں سے دُور پائی جاتی ہے ۔

jacksnipe, Wilson's snipe, n. شہ چہا ؛ ایک پرندہ جس کا شکار کھیلا جاتا ہے ؛ چہے کی چھوٹی قسم جو شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے ۔

jacksonian, a. جیکسنی ؛ امریکا کے ساتویں صدر اینڈریو جیکسن کے سیاسی اصولوں ، اُس کی پالیسیوں یا اُس کے دورِ صدارت (۱۸۲۹ء—۱۸۳۷ء) کے متعلّق ۔ (اسم) اینڈریو جیکسن کا پیروکار ۔

jack stay, n. (جہازرانی) شہ بَلّی ؛ سہارے کی بَلّی کا رسّہ یا ڈنڈا

جو بادبان کو جُھکاتا ہے ؛ پال کی ڈنڈی کے چلنے کے لیے ڈنڈا یا رسہ جو مستول کے اگلے حصّہ پر اُوپر نیچے کی طرف لگا ہوتا ہے ۔

jackstraw, n. شہ تنکا ؛ ایک کھیل جس میں تنکوں یا لکڑی کے چھوٹے چھوٹے لمبے باریک ٹُکڑوں کو گڈ مڈ کرکے ڈھیر سا لگا دیا جاتا ہے اور اس ڈھیر میں سے ایک ایک ٹُکڑا اس طرح اُٹھایا جاتا ہے کہ ڈھیر متأثر نہ ہو ۔ (جمع لیکن ساخت میں واحد) یہ کھیل (نیز pick up sticks) ڈراوا ؛ پُتلا ؛ ہوا ؛ نکّما شخص ؛ بے کار آدمی ۔

jack-tar, Jack Tar, n. جیک ٹار ؛ ملّاح ؛ کشتی ران ؛ کھوَیّا ؛ مانجھی ۔

jack towel, n. شہ تولیہ ؛ لمبا تولیہ جس کے کنارے سِلے ہوتے ہیں تاکہ گھومنے والے ڈنڈے پر لٹکایا جاسکے ؛ بڑا تولیہ ۔

jacobean, a. یعقوبی ؛ سال کے پہلے مہینے کا یا اس سے متعلّق جس کے ۳۱ دن ہوتے ہیں ؛ ابتدائی سترھویں صدی میں انگلستان کے بادشاہ جیمز اوّل یا اُس کے عہد سے متعلّق ؛ ملکہ الزبتھ کے فن تعمیر و آرایش میں ترمیم شُدہ اسلُوب سے متعلّق جو جیمز اوّل کے زمانے میں مروّج تھا ۔ (اِسم) جیمز اوّل کے زمانے کا معرُوف ادیب ، سیاست دان یا مُمتاز شخص ۔

Jacob's-ladder, Jacob's ladder, Jack ladder, pilot ladder, n. [زینۂ یعقوب علیہ السلام کی نسبت سے جو انھوں نے خواب میں دیکھا تھا (پیدایش ۲۸ = ۱۲)] گُل شعلہ (Phlox) خاندان کا اُودے یاسفید پُھولوں والا ایک باغاتی پودا جس کی پتّیاں سیڑھی کی طرح اُوپر چڑھتی جاتی ہیں ؛ سُنبلِ آسمانی ؛ اس پودے سے متعلّق بعض انواع میں سے کوئی ایک ۔ (جہازرانی) رسّیوں کی سیڑھی جس میں لکڑی یا لوہے کے ڈنڈے لگے ہوتے ہیں ؛ زینۂ ملّاحاں ؛ مجرّہ ۔

jaconet, n. [اڑیسہ کے جگن ناتھ کے نام پر] جگناتھی ؛ ایک نرم اور ہلکا سوتی کپڑا ۔

Jacquard, Jacquard, weave, n. (اکثر بڑے J سے) جیکارڈ کھڈّی پر بنایا جانے والا کپڑا جس کی بُنت عُمدہ اور اشکال دار ہوتی ہے ؛ ایسے کپڑے کی بُنت ؛ پُلٹس وغیرہ باندھنے کے کام آنے والا کپڑا ۔

Jacquard loom, n. جیکارڈ کھڈّی ؛ جیکارڈ راچھ ؛ ایک خاص کھڈّی جس میں سوراخ کیے ہوئے کارڈوں یا کاغذوں کے نمونے بنا کر کپڑے بُنے جاتے ہیں ۔

jactation, n. ڈینگ ؛ لاف زنی ؛ شیخی ؛ عُجب ۔ (امراضیات) بے چینی سے کروٹیں بدلنے کی حالت ، بیماری کے سبب؛ شدید بے چینی ؛ تشنُّج ؛ اضطرابِ شدید ۔

jactitation, n. (قانون) لاف زنی یا جُھوٹا دعویٰ جو دُوسرے کے لیے نُقصان دہ ہو ؛ نِکاح کا جُھوٹا دعویٰ ۔ (امراضیات) تشنُّج ؛ اضطرابِ شدید ؛ شدید بے چینی ۔

jaculate, v.t. پھینکنا ؛ باہر کی طرف پھینکنا ؛ زور سے دھکّا دینا ۔

jaculation, n. زور کا دھکّا ؛ انداخت ؛ پھینک ۔

jade, n. یشمِ سبز ؛ یشب ؛ ایک سخت قیمتی پتھّر ؛ یشم یا قیمتی سبز یشم ؛ تراشیدہ یشمِ سبز سے بنا ہوا زیور ۔

jade, n. نکّما اڑیل یا تھکا ہارا گھوڑا ؛ مریل گھوڑا ؛ ادنیٰ گھوڑا ؛ اسپِ خستہ ؛ بدنام ؛ بدکردار یا بد مزاج عورت ؛ فاحشہ ؛ چھنال ؛ کسبی ؛ رنڈی ؛ نوجوان عورت (مزاح میں یا حقارتاً استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل متعدی) سختی سے ہانکنا ؛ زیادہ کام سے تھکا دنیا ؛ تھکانا ؛ پریشان کرنا ؛ ماندہ کرنا ؛ چُور چُور کر ڈالنا ، کام کی زیادتی یا کثرتِ استعمال سے ۔ (فعل لازم) تھکا ہُوا ہونا ؛ حوصلہ نہ ہونا ؛ مَن بھر جانا ؛ ختم ہونا ؛ کٹھن ہونا ؛ پریشان ہونا ۔

jadish, a. تھکا دینے والا ؛ بُرا ؛ بد ؛ سرکش ؛ شریر ؛ دنگئی ؛ چھنال ؛ بے حیا ۔

jadishly, adv. بڑی تھکاوٹ سے ؛ اکتاہٹ سے ؛ سرکشی سے ؛ شریرانہ ؛ چھنال پن سے ؛ بے حیائی سے ۔

jadishness, n. تھکاوٹ ؛ خستگی ؛ پراگندگی ؛ اکتاہٹ ؛ درماندگی ؛ انتشار ؛ سرکشی ؛ شرارت ؛ چھنال پن ؛ بے حیائی ۔

jaded, a. تھکا ہارا ؛ اُکتایا ہُوا ؛ پراگندہ و ضائع ؛ خستہ و درماندہ ؛ ٹوٹا ہُوا ؛ برباد شُدہ ؛ ریزہ ریزہ ۔

jadedly, adv. خستگی سے ؛ اکتاہٹ سے ؛ تھکاوٹ سے ؛ پراگندگی سے ؛ درماندگی سے ۔

jadedness, n. تھکاوٹ ؛ خستگی ؛ درماندگی ؛ بربادی ؛ پراگندگی ؛ انتشار ۔

jade green, n. یشب رنگ ؛ نیل گوں ہلکا سبز رنگ ؛ یشمِ سبز سے ملتا جُلتا رنگ ۔

jadeite, n. (معدنیات) یشمِ سبز کی قیمتی قسم جو سوڈیم سیلیکیٹ اور ایلمونیم پر مشتمل ہوتا ہے ؛ یہ پتھّر ہلکے زرد رنگ سے لے کر سبز زَمُرد کے رنگ تک کا ہوتا ہے ۔

jaeger, jager, n. شکاری ؛ صیّاد ؛ اگلے زمانے کے جرمنی اور آسٹریا کے تربیت یافتہ فوجی جو تیز نشانہ بازی میں مشہور تھے ؛ یاگر ۔

jaeger, n. یاغو ؛ کرکر ؛ برازی خاندان (stercorariidae) کا وہ سمندری پرندہ جو اپنے سے کمزور پرندے کو اپنا شکار چھوڑنے پر مجبور کر دیتا ہے ۔

jag, v.t. نوکدار بنانا ؛ دندانے ڈالنا ؛ کنگرہ بنانا ؛ دندانے دارکرنا ؛ دانتے ڈالنا ؛ کسی چیز کو پھوہڑ پن سے اس طرح کاٹنا کہ وہ کُھردری اور دندانے دار بن جائے ۔ (اسم) نوک ؛ دندانہ ؛ کنگرہ ؛ آرے کا دندانہ ؛ چٹان کی تیز نوک ؛ کوئی بھی تیز نوکیلی شے ؛ نوکیلی چٹخنی ؛ گھنڈی ؛ شگاف ؛ دانتا ۔

jagged, a. دندانہ دار ؛ نوک دار ؛ غیر ہموار نوکیلی سطح والی ؛ دنتیلا ؛ کُھردرا ؛ کٹاپھٹا ؛ ناہموار ۔

jaggedly, adv. ناہموار نوکیلے پن سے ۔

jaggedness, n. ناہموار نوکیلا پن ۔

jag, n. (عوامی) دُھت (شراب وغیرہ میں) ؛ حالت نشہ ؛ دَور (جیسے : a smoking jag, a crying jag) ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ۔

jaggery, jaggary, jagghery, n. جاگری ؛ بُھوری شکر ؛ بُورا ؛ براؤن شکر جو تاڑ کے درختوں کے رس سے تیّار کی جاتی ہے ؛ کھجور کا گڑ ؛ شکرِ نخل ۔

jaggy, a. ناہموار ؛ بے ترتیب ؛ آڑی ترچھی نوکدار ؛ دندانے دار ۔

jaguar, n. تیندوا ؛ ایک بڑا طاقتور کالے دھبّوں والا تیندوا جو اور مقامات کے علاوہ وسطی اور جنوبی امریکا میں بھی پایا جاتا ہے ؛ جغور ؛ امریکی تیندوا ۔ (عسکری) برطانیہ کا کثیر المقاصد جنگی ہوائی جہاز : جیگوار ۔

jaguarundi, jaguarondi, n. جغورندی ؛ تیندوے کی ایک قِسم ؛

ایک پتلی چھوٹی ٹانگوں والا جانور جو وحشی جنگلی بلّی کی نسل سے تعلّق رکھتا ہے ۔

Jahveh, Jahve, n. یہوا ؛ اللہ ؛ خُدا ؛ تورات میں اللہ کا نام ۔

Jahvism, Jahwism, n. یہووایت ؛ اُلوہیّت ۔

Jahvist, Jahwist, n. یہووائی ؛ مُوحد ؛ اللہ کو ماننے والا ۔

jai alai, ہائی لائی ؛ دستی گیند کے کھیل سے مشابہ کھیل جس میں کھلاڑی ایک چھوٹی گیند کو کلائی پر بندھے ہوئے خمدار بید کے ریکٹ سے پھینکتے اور پکڑتے ہیں ۔

Jail, (Brit.) gaol, n. جیل خانہ ؛ محبس ؛ قید خانہ ؛ زندان ؛ بندی خانہ ؛ وہ عمارت جس میں ان لوگوں کو محبوس کیا جاتا ہے جو قانونی تحویل میں ہوں بالخصوص وہ لوگ جن کو چھوٹے جرائم کا مُرتکب قرار دیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) جیل میں ڈالنا ؛ قید کرنا ؛ محبوس کرنا ؛ بندی خانے میں ڈالنا ۔

jailbird, n. عادی مُجرِم ؛ وہ شخص جو بار بار جرائم کی وجہ سے قید خانے میں جاتا ہے ؛ سابقہ قیدی ۔

jailbreak, n. جیل سے فرار ؛ جیل سے زبردستی فرار ؛ جیل توڑ کر بھاگنے کا عمل ۔

jail delivery, (Brit.) gaol delivery, n. جیل سے فرار ؛ قیدیوں کی زبردستی آزادی ۔ (برطانوی قانون) قیدیوں پر مُقدمّہ چلا کر جیل خالی کرانے کا عمل ۔

jailer, jailor, gaoler, n. جیلر ؛ جیل اور اس کے عملے اور قیدیوں کا نِگران ؛ داروغۂ زِندان ؛ داروغۂ جیل خانہ ؛ داروغۂ جیل ۔

Jainism, n. جین مَت ؛ ہندوستان کا ایک قدیم مذہب جس کو چھٹی صدی قبل مسیح میں آخری شکل دی گئی تھی، یہ مذہب برہمنیت کے برعکس بُدھ مت سے مِلتا جلتا ہے جس میں رہبانیت ، عقل و دانش اور انسانی زندگی کے احترام پر زور دیا جاتا تھا ۔

Jain, Jaina, Jainist, n., a. جَینی ؛ جَین ؛ جین مت کا پیروکار ۔

jalap, n. [میکسیکو کے شہر جلاپا کے نام پر ، ہسپانوی : جلاپ] جُلاب ؛ مسہِل ؛ شہداب ؛ شہدابہ ؛ ایک جلّاب لانے والی دوائی جو عشقِ پیچاں کی بیل کی موٹی جڑ سے حاصل کی جاتی ہے ؛ میکسیکو کا ایسا پودا ۔

jalapic, a. جُلاب آور ؛ مسہِل آور ۔

jalapin, n. جلاب ؛ جلاپین ؛ ایک گوند یا رال جو جُلّاب آور دوا کے بُنیادی عناصر میں سے ایک ہے ۔

jalopy, n. (عوامی) پرانی چھکڑا کار ؛ پھٹیچر گاڑی ۔

jalousie, n. جِھلملی ؛ دریچے کا ایسا پردہ جس میں روشنی اور ہوا کا تو گزر ہو لیکن بارش اور دھوپ سے محفوظ رکھے ؛ کوئی کھڑکی جس میں شیشے کی پٹیّاں لگی ہوں اور جِھلملی کی طرح کام کریں ۔

jaloused, a. جھلملی لگی ہوئی ۔

jam, v.t. روندنا ؛ کُچلنا ؛ پیسنا ؛ دو اجسام یا سطوح کے درمیان اس طرح بھینچنا یا دبانا کہ حرکت مشکل بلکہ محال ہو جائے ؛ بھینچ کر کُچلنا یا زخمی کرنا ؛ کسی متحرّک حصّے کو پھنسانا ، روکنا اور ہٹانا ، کہ کام نہ کر سکے ؛ کسی مشین وغیرہ کو اسی طرح کے پھنساؤ ، گرفت یا اُٹھاؤ سے ناکارہ بنانا ؛ کسی محدود جگہ میں یا کسی چیز کی طرف دھکیلنا جیسے بریک لگا کر گاڑی کو مکمّل طور پر روک دینا ؛ بھیڑ یا کثرتِ ہجوم سے راستے کو اِس طرح روک دینا کہ آمدورفت معطّل ہو جائے ۔ (ریڈیو) اشارات میں کم و بیش اُسی طُول موج کے اشارات ارسال کرکے مداخلت کرنا یا خلل ڈالنا ۔ (جہازرانی) بادبانی کَشتی کو ہوا کے رُخ چلانا ۔ (فعل لازم) پھنس جانا ، اڑ جانا یا مضبوطی سے جم جانا ؛ مشین کی کل میں کسی چیز کے پھنسنے یا پُرزے کا اپنی جگہ سے ہٹنے کے سبب مشین کا رک جانا ؛ سختی سے دبانا یا دھکیلنا مثلاً کسی محدود جگہ میں یا ایک دوسرے کے مقابل ۔ (موسیقی) فی البدیہہ سُر شامل کرکے نغمہ افزونی کرنا ؛ فی البدیہہ نغمہ طراز ہونا ۔ (اسم) مکمل طور پر رُک جانے کا عمل یا حالت (جیسے : a traffic jam) ؛ اشیا کا انبار جو اسی طرح دبایا گیا ہو یا ہجوم کی صورت میں جمع ہو گیا ہو ؛ رُکاوٹ ؛ تعطّل ۔ (بول چال) بڑی مشکل اور پریشان کن صورتِ حال میں شرکت ۔

jammer, n. روک دینے والا ؛ جام کرنے والا ۔

jam, n. (طبّاخی) رُب ؛ جام (پھل کو شکر کے ساتھ پکانے سے جو شیرہ سا بن جائے) ؛ مربّہ یا جام جو توس وغیرہ پر لگا کر کھایا جاتا ہے ۔

Jamaica ginger, n. جمیکا ادرک ؛ بُھورے رنگ کا ادرک جو جمیکا میں اُگتا ہے ؛ خوشبو کے لیے استعمال کیا جانے والا ادرک کاست ؛ ادرک کا سفوف جو بطور دوا اِستعمال ہوتا ہے ؛ ادرکِ فرنگی ۔

Jamaican, a. جمیکائی ؛ جمیکا (غرب الہند کا ایک جزیرہ) سے متعلّق یا اُس کے عوام سے متعلّق ۔ (اِسم) جمیکا کا باشندہ یا شہری ؛ جمیکا کا رہنے والا ؛ جمیکن ۔

Jamaica rum, n. جمیکائی رَم ؛ جمیکا کی شراب ؛ سیاہ گاڑھی شراب جو جمیکا میں راب سے تیّار کی جاتی ہے ۔

jamb, jambe, n. پہلو یا دیوار میں عمودی پاکھا ؛ کواڑ یا کھڑکی کا بازُو ؛ پتھّر کی چٹان ۔

jambalaya, n. پلاؤ ؛ ایک ہسپانوی طعام جو سبزی ، مسالوں ، ران کے گوشت یا مچھلی سے پکے ہوئے چاول پر مشتمل ہوتا ہے ۔

jambeau, greave, n. جمبو ؛ زرہ کا وہ حصّہ جو قُرُونِ وسطے میں گھٹنوں سے نیچے ٹانگوں کی حفاظت کے لیے بنایا جاتا تھا ۔

jamboree, n. جمبُوری ؛اسکاؤٹوں کا مُلکی یا بین الاقوامی عظیم اجتماع (جس میں اسکاوٹ اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں) ۔ (بول چال) پُرہنگامہ جشن ؛ رنگ رلیاں ؛ موج میلہ ۔

Jamesian, Jamesean, a. اینگلو امریکی ناول نگار ہنری جیمز اور اُس کی تحریروں کے محاسن کے متعلّق ؛ ہنری جیمز کے فلسفی اور ماہرِ نفسیات بھائی ولیم جیمز کے نظریات سے متعلّق ۔

jam session, n. (جاز) فی البدیہہ نغمہ طرازی ؛ جاز ؛ جام سیشن ؛ موسیقاروں کی فی البدیہہ نغمہ سرائی جو عام طور پر وہ ذاتی لطف اندوزی کے لیے کرتے ہیں ۔

Jane Doe, n. جین ڈو ؛ ایک زنانہ فرضی نام جو عام طور پر قانونی کارروائی میں اِستعمال ہوتا ہے جہاں اصل نام یا تو معلوم نہ ہو یا وہ کسی اہمیت کا حامل نہ ہو ؛ فُلاں ؛فلانی ۔

jangle, v.i. چھنکارنا ؛ پرشور اور بے ربط آواز نکلنا ؛

لڑائی یا غصّے کے انداز میں بات ہونا ؛ جھنجھنانا ۔ (فعل متعدی) ناگوار و کرخت آواز کا باعث بننا ۔ (اِسم) کرخت و ناگوار آواز ؛ چھنکار ؛ جھنجھناہٹ ؛ جھگڑا یا لڑائی ؛ تکرار ۔

jangler, n. جھگڑالو ؛ بک بک کرنے والا ؛ زٹل ہانکنے والا ؛ بکواس کرنے والا ؛ لایعنی باتیں کرنے والا ، حُجتی ؛ تکراری ۔

jangly, a. بے تُکی ؛ بکواسی ؛ فضول ؛ بے معنی ۔

Janissary, Janisary, Janizary, n. [ترکی ؛ عثمانی عسکری رسالے ینی چری کے نام سے] (عموماً چھوٹے ز سے) ینی چری ؛ جان نثار فوجی ؛ تُرکی سپاہی ؛ جان نثار فوج کا سپاہی ؛ چودھویں صدی کی تُرک پیادہ فوج کے مُنتخب دستے کا ایک سپاہی جو سلطان کے محافظ کے طور پر چودھویں صدی سے لے کر ۱۸۲۶ء تک کام دیتا رہا عام طور پر تُرکی سپاہی ؛ وفادار یا معاون گروہ کارکُن ۔

janitor, n. بھنگی ؛ جمعدار ؛ فرّاش ؛ مہتر ؛ جارُوب کَش ؛ دربان ؛ ڈیوڑھی دار ؛ چوکیدار ؛ نگہبان ؛ پہرے دار ؛ وہ شخص جسے دفتر ، اسکول ، مکان اور عمارت کو صاف ستھرا رکھنے اور دیکھ بھال کے لیے ملازم رکھا جائے ؛ ڈیوڑھی بان ۔

janitorial, a. جاروب کَشی سے متعلق ؛ دربانی اَور چوکیداری کے متعلق ۔

janitress, n. چوکیدارنی ؛ جمعدارنی ؛ بھنگن ؛ مہترانی ۔

Janizary, n. دیکھیے : Janissary ۔

January, n. جنوری ؛ رُومی شمسی سال کا پہلا مہینہ جس میں ۳۱ دن ہوتے ہیں ۔

Japan, n., a. [ملک جاپان کے نام پر] جاپانی ؛ جاپان میں بنے ہوئے سخت اور پایدار وارنش یا روغن کی کوئی قسم جسے لکڑی ، دھات اور اسی طرح کی دیگر اشیا کے رنگنے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ سخت چمکدار سیاہ وارنش جس میں اسفالٹ ملی ہوتی ہے ؛ جاپانی زیبایش کا کام خصوصاً جس پر جاپانی طرز آرایش کی چمک دمک ہو ۔ (فعل متعدی) جاپانی وارنش سے چمکانا ؛ کسی شے کو وارنش سے جگمگانا؛ کسی ایسے مواد سے روغن کرنا کہ پُختہ سیاہ چمک دمک پیدا ہو جائے ؛ جاپان کے طریق پر روغن کرنا ۔

Japanner, n. جاپانی روغن کرنے والا ۔

Japan clover, Japanese clover, n. جاپانی ترفل ؛ ترفیل ؛ شبدر ؛ نَفَل ؛ سخت جھاڑی دار پتیا گھاس جو اصلاً ایشیائی ہے ، جنوبی امریکا میں بھی گھوڑوں کے چارے کے لیے اُگائی جاتی ہے ۔

Japanese, a. جاپانی ؛ جاپان کا یا اس سے متعلق ؛ جاپان کے باشندوں ، زبان یا ثقافت سے متعلّق ۔ (اسم) جاپانی ؛ جاپان کا باشندہ ، شہری یا رہنے والا ؛ جاپانی زبان ۔

Japanese andromeda, andromeda, n. جاپانی مسلسلیہ ؛ ایشیا کی آرایشی سدا بہار جھاڑی جس میں سفید پُھولوں کے گُچھّے لگتے ہیں ؛ جاپانی انڈرو میڈا ۔

Japanese beetle, n. جاپانی بھونرا ؛ سبز اور بُھورے رنگ کا چھوٹا بھونرا جو ۱۹۱۶ء میں امریکا پہنچا ، اپنی ابتدائی اور اصلی شکل میں مختلف اقسام کی گھاس اور فصلوں کے لیے تباہ کُن ثابت ہوتا ہے ۔

Japanese millet, n. جاپانی چینا جو جانوروں کے چارے کے طور پر امریکا میں متعارف ہُوا اور جس کے بیج انسانوں اور پرندوں کی خوراک میں استعمال ہوتے ہیں ۔

Japanese persimmon, n. جاپانی سنگترہ ؛ ایک ایشیائی درخت جو امریکا میں خُوردنی سنگتروں یا سُرخ پھلوں کی وجہ سے اُگایا جاتا ہے ۔

Japanese quince, n. جاپانی گلاب ؛ گلاب کے خاندان کی ایک سرخ پُھولوں والی کانٹوں بھری جھاڑی ، جس کے زردی مائل سبز پھل مربّا بنانے میں کام آتے ہیں ۔

Japanese spurge, n. جاپانی فرفیون ؛ شمشاد کے خاندان کی جاپانی سدا بہار جڑی بوٹی جو زمین کو ڈھانپ لیتی ہے ، اِس میں سفید پُھولوں کے گچھّے لگتے ہیں ۔

Japanize, v.t. جاپانی بنانا ؛ جاپانی قوانین اور افکار کے مطابق بنانا ۔

Japanization, n. جاپان کے قوانین اور افکار میں ڈھالنے کا عمل ۔

Japan wax, Japan tallow, sumac wax, n. جاپانی موم ؛ زرد سخت موم جسے جاپان اور چین کی گوندنی دار جھاڑیوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور جو فرش اور فرنیچر بنانے میں کام آتا ہے ۔

Jape, v.t., v.i. مذاق کرنا ؛ تضحیک کرنا؛ آوازے کسنا؛ دھوکا دینا؛ فریب دینا؛ دھوکا دے کر پھانسنا؛ بے وقوف بنانا؛ تضحیک ہونا؛ مضحکہ اڑنا؛ استہزا کرنا؛ مذاق ہونا ۔ (اِسم) دھوکا ؛ مذاق؛ پھبتی ؛ طعنہ زنی ؛ آوازہ ؛ تمسخُر ؛ مخول ؛ تضحیک ؛ استہزا ۔

japer, n. مذاق اڑانے والا ؛ دھوکا دینے والا ؛ دھوکے باز ؛ اِستہزا کرنے والا ؛ ہنسی اُڑانے والا ؛ آوازے کسنے والا ؛ طعنہ زن ؛ مخولیہ ؛ مسخرا ؛ بھانڈ ؛ فریبی ؛ چال باز ؛ نوسَرباز ۔

japery, n. دھوکا بازی ؛ طعنہ زنی ؛ تَمسخرین ؛ فریب ؛ دھوکا ؛ مکّاری ؛ چال بازی ۔

japingly, adv. دھوکے سے ؛ فریب سے ؛ مذاق سے ؛ مخول سے ؛ چال بازی سے ؛ مکر سے ۔

japonica, n. جاپونیکا ؛ مختلف اقسام کے جاپانی پودے جن میں خوبصورت پُھول اور پھلیاں لگتی ہیں ۔

Japonism, Japanism, n. جاپانیت ؛ ہر وہ چیز یا فن جس میں جاپانی طرز اسلُوب جھلکتا ہو ؛ جاپانی طور طریقہ ؛ رسم و روایت جو جاپانیوں سے مخصوص ہو ۔

jar, n. جار ؛ مٹکا ؛ مرتبان ؛ مٹی یا شیشے کا مرتبان ؛ چوڑے مُنہ والا مٹّی یا شیشے کا ایسا برتن جو بیلن کی شکل کا ہو ۔

járful, n. مرتبان بھر ۔

jar, v.i. کرخت آواز کا نکلنا ؛ جھنکارنا ؛ گُونجنا ؛ بے سُری آواز کا دیا جانا ؛ تکلیف دہ یا ناگوار اثر ہونا ؛ (on کے ساتھ مستعمل ہے)؛ غیر متوقع جھٹکے یا صدمے سے ہل جانا یا لرزش میں آجانا ؛ مُتصّادم ہونا ؛ جھگڑے یا تنازُع میں ہونا ؛ مخالف ہونا ۔ (فعل متعدی) کرخت آواز نکالنا ؛ کھڑکھڑانا ؛ بے سُری آواز دینا ؛ جُھرجُھری دینا ؛ ہلا دینا ؛ دھچکا دینا ۔ (اسم) کرخت آواز ؛ بے سُری آواز ؛ صدمہ ؛ دھچکا ؛ (اعصاب یا جذبات پر) ناگوار اثر ؛ جُھرجُھری ؛ بے آہنگی ؛ آراء کا تصادُم ؛ نااِتفاقی ؛ جھگڑا ؛ نزاع ؛ تکرار ۔

jardiniere, n. آرایشی گملا ؛ پُھولوں اور پودوں کے لیے آرایشی برتن یا اسٹینڈ ؛ گوشت کے ساتھ سبزی کی لگی ہوئی پلیٹ جو

کھانے کے لُطف کو دوبالا کر دیتی ہے۔

jargon, n. اصطلاحِ پیشہ وراں ؛ بازاری زبان ؛ کسی خاص طبقہ ، پیشہ یا کام کی اصطلاح یا زبان (جیسے : legal jargon) ؛ بک بک ؛ جھک جھک ؛ پیشہ ورانہ جُملہ بازی اور اصطلاح ؛ وہ بولی جو سمجھ میں نہ آئے ؛ بے تمیز یا پھوہڑ بول چال ؛ گِیڑ سِپڑ ؛ بے ضرورت لفاظی ؛ وہ بولی جس میں غیر مانُوس اور مصنوعی لفظوں کا اِستعمال ہوا ہو ؛ مخلوط زبان ؛ زبان کا آمیزہ ؛ جارگن ؛ ایسی بات جو سمجھ میں نہ آسکے۔ (فعل لازم) غیر مانوس اصطلاحوں میں گفتگو ہونا ؛ سمجھ میں نہ آنے والے جُملوں اور لفظوں کا لِکھا جانا ؛ نامانوس زُبان کا استعمال ہونا۔

jargonal, jargonistic, a. بکواس ؛ ناقابلِ فہم؛ سمجھ میں نہ آنے والی۔

jargon, gargoon, n. (معدنیات) زرقون ؛ زرغون ؛ زرقونہ ؛ ایک بے رنگ یا دُودھیا ہلکے رنگ کا قیمتی پتّھر جو شکل میں ہیرے سے مِلتا جلتا ہے ؛ زرقونِ لنکا۔

jargonize, v.i. سمجھ میں نہ آنے والی اصطلاحات میں لِکھّا یا بولا جانا۔ (فعل متعدی) ناقابلِ فہم اصطلاحوں میں ترجمہ کرنا ؛ اصطلاحوں اور جملوں میں گفتگو کرنا۔

jarl, n. (اسکنڈے نیویا کی تاریخ) جارل ؛ سردار یا وائسرائے ؛ نواب ؛ قدیم ناروے یا ڈنمارک کا سردار ؛ اسکنڈے نیویا کی تاریخ میں سرداروں کا خطاب۔

jasmine, jasmin, jessamine, n. [عربی ، فارسی] چنبیلی ؛یاسمین ؛خوشبودار پھولوں والی کوئی جھاڑی ، جو اسی نام کی جنس سے اور زیتون کے خاندان سے ہے ؛ اسی طرح کے مختلف پودوں میں سے کوئی ایک مثلاً زرد یاسمین ، راس چنبیلی ، سُرخ یاسمین ؛ ان پھولوں سے مشابہ خوشبُو ؛ پیلا یا ہلکا زرد رنگ۔

jasper, n. یشب ؛ یشم ؛ ایک غیر شفاف ، رنگ دار پتھر ، جس پر بہت عمدہ پالش ہوتی ہے ، اکثر ظروف اور زیورات میں استعمال ہوتا ہے ؛ زبرجد۔

jasperware, n. ایک اعلیٰ درجے کی پکی ہوئی سفید چینی مٹّی جسے فلزی روغن سے رنگین کیا جاتا ہے ، اس کی ابتدا ویج وڈ نے کی تھی۔

JATO, jato, Jato, jato unit, n. جیٹ پرواز ؛ راکٹ انجن کی طاقتور دھکیل سے ہوائی جہاز کی پرواز ؛ اس پرواز کا معاون آلہ (جیٹو)۔

jaundice, n. (امراضیات) یرقان ؛ کنول باؤ ؛ کمل بائی ؛ جگر کے فعل کی کار کردگی متأثر ہونے کی وجہ سے پتّے کا زرد پانی خون میں شامل ہو جاتا ہے جس سے یرقان کے مریض کا رنگ پیلا پڑ جاتا ہے ، بھوک ختم ہو جاتی ہے اور جسم میں سستی آجاتی ہے۔ (مجازاً) حسد اور بُغض کی وجہ سے متعصبانہ نظر اور فیصلہ کی صُورت ؛ کج بینی ؛ ذہنی کجی۔ (فعل متعدی) یرقان میں مبتلا کرنا۔ (مجازاً) متعصبانہ فیصلہ کرنا ؛ متعصبانہ نظریہ رکھنا ؛ حسد و رشک کی وجہ سے کسی فیصلے یا رائے یا خیال کو بگاڑنا۔

jaundiced, a. حاسِد ؛ حاسدانہ ؛ حسد میں مبتلا ؛ یرقان زدہ ؛ یرقان میں مبتلا ؛ کج بین ؛ کج نظر ؛ مریضِ یرقان۔

jaunt, v.i. سیر و تفریح کے لیے مختصر سفر میں ہونا۔ (اسم) سیر ؛ مٹر گشت ؛ گُل گشت ؛ تفریحی سفر۔

jaunting car, n. تفریحی گاڑی ؛ بے چھت ہلکی دو پہیّوں والی گاڑی جو آئرلینڈ میں بڑی مقبول ہے ، اس میں آمنے سامنے یا ایک دوسرے کی طرف پشت کیے ہوئے دو سواریاں بیٹھتی ہیں اور اگلی سیٹ ڈرائیور کے لیے ہوتی ہے۔

jaunty, a. البیلا ؛ بانکا ؛ زندہ دل ؛ ہنس مُکھ۔

jauntily, adv. زندہ دلی سے ؛ البیلے پن سے ؛ ہنس مُکھ انداز میں۔

jauntiness, n. زندہ دلی ؛ بانکپن ؛ البیلا پن۔

Java, n. جاوا ؛ انڈونیشیا کا ایک جزیرہ ؛ کافی کی ایک قِسم ؛ کالے اور سفید دھبوں والا چوزہ۔ (چھوٹے ز سے) (عوامی) کافی۔

javanese, a. جاوی ؛ جاوا کے متعلّق ، وہاں کے باشندوں یا ان کی زبان کے متعلّق۔ (اسم) جاوا کا باشندہ ؛ جاوا کا باسی ؛ جاوا کی زبان۔

Java man, n. (بشریات) جاوا آدمی ؛ جاوا مانس ؛ قبل از تاریخ کا انسان نُما حیوان جس کی کھوپڑی کے ٹکڑے ۱۸۹۱ء میں دریافت ہوئے۔

Java sparrow, Javanese sparrow, n. جاوی چڑیا؛ جاوا کی چھوٹی سی چڑیا جسے پنجرے میں بطور زیبایش رکھا جاتا ہے؛ عصفور المرز؛ جاوا چڑیا ؛ جاوا عصفور۔

javelin, javelin throw, n. برچھی ؛ نیزہ (جسے پھینک کر مارتے ہیں) ؛ ہلکا نیزہ جسے قدیم جنگلوں میں اور شکار میں اِستعمال کیا جاتا تھا ؛ ۸ ½ فٹ کے لمبے ڈنڈے کے سرے پر دھات کی نوکدار برچھی لگی ہوتی ہے جسے کھیلوں میں فاصلے پر پھینکنے کے مقابلوں میں اِستعمال کیا جاتا ہے۔ (فعل متعدی) نیزہ مارنا ؛ برچھی مار کر زخمی کرنا۔

Javelle water, Javel water, n. آبِ جاول ؛ آبِ ژاول ؛ ژاول پانی ؛ پانی میں سوڈیم ہائپوکلورائٹ کا محلول جو سفید کاری اور جراثیم کُشی کے لیے اِستعمال ہوتا ہے۔

jaw, n. جبڑا ، کلّہ ؛ مُنھ کے اندر اوپر نیچے ہڈّیوں کے دو ڈھانچوں میں سے ایک ڈھانچا جس سے مُنھ کا چوکھٹا بنتا ہے۔ (عموماً جمع) مجموعی طور پر مُنھ کے حصّے ؛ مشینی کل پرزوں میں سے کوئی ایک یا ایک سے زائد حصّے جو کسی چیز کو گرفت میں لیں۔ (جمع) تنگ درّے یا گھاٹی کے دونوں کنارے۔ (عوامی) گُستاخانہ یا جارحانہ گفتگو ؛ اُکتا دینے والی باتیں ؛ بکواس ؛ کہا سنی ؛ لڑائی جھگڑا۔ (فعل لازم ، عوامی) بات ہونا ؛ گپ ہونا ؛ غلیظ گُفتگُو ہونا۔ (فعل متعدی ، عوامی) سرزنش کرنا ؛ غلیظ تقریر کرنا ؛ دشنام دینا۔

jawbone, n. جبڑے کی ہڈّی ؛ جبڑے کی نِچلی ہڈّی ؛ خصوصاً میمل جانوروں میں جبڑے کی نچلی ہڈّی؛ عَظمِ چانہ ؛ عظمِ فک۔

jawbreaker, jaw crusher, n. (بول چال) موٹے موٹے الفاظ ؛ مُشکل تلفظ والا لفظ ؛ جبڑا توڑ لفظ ؛ بہت سخت قندی یا مٹھائی (آبلوچ) ؛ دھات توڑ مشین۔

jay, n. جے ؛ سُرخ پروں والا یوربی پرندہ جو چیخنے ، شور مچانے کی وجہ سے شُہرت رکھتا ہے ، جیسے یوربی جے ، نیلا جے اور کینیڈی جے ؛زُریق ، سبز قبا ؛ سبزک۔ (عوامی) سادہ لوح ؛ احمق ؛ باتونی ؛ بکّی ؛ دماغ چٹ۔

Jaycee, n. جے سی ؛ جونیر چیمبر آف کامرس سے

jeep, n. جیپ ؛ چاروں پہیّے چلنے والی ، چھوٹی فوجی گاڑی جِسے دوسری جنگِ عظیم میں امریکی فوج نے پہلی بار استعمال کیا تھا۔

jeer, v.i., v.t. طنز کیا جانا ؛ مضحکہ اُڑانا ؛ ہنسی اُڑنا ؛ ہنسی اُڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ مضحکہ کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ تَمسخُر کرنا ؛ طنز کرنا ، طعنہ دینا ؛ طعنے تشنے دینا ؛ آڑے ہاتھوں لینا ۔ (اسم) تمسخُر ؛ تضحِیک ؛ مضحکہ ؛ مضحکہ اڑانے والی آواز ؛ اِستہزا ؛ طنز ؛ چوٹ ۔

jeerer, n. مذاق اڑانے والا ؛ طعنہ زن ۔

jeeringly, adv. مذاق اڑاتے ہوئے ؛ طعنہ زنی سے ؛ لعن طعن سے ۔

Jaffersonian, a. جیفرسنی ؛ امریکا کے تیسرے صدر جیفرسن (۱۷۴۳—۱۸۲۶ء) کے سیاسی نظریات کے متعلّق جن میں مضبوط مرکز کے برعکس ریاستوں کے حُقُوق کوزیادہ اہمیت حاصل تھی ۔ (اِسم) جیفرسن اور اس کے سیاسی نظریات کا حامی ۔

Jaffersonianism, n. جیفر سونیت ؛ جیفرسن کے سیاسی نظریات کا فلسفہ ۔

Jehovah, n. یہوواہ ؛ یاہُو ؛ یہوہ ؛ اللہ ؛ خُدا ؛ عہد نامۂ عتیق میں دیا ہوا اللہ کا نام ؛ تصوُّر خُدا (یہودیوں کے نزدیک) ۔

Jehovic, a. یہوواہی ؛ اللہ کے متعلق ؛ اُلوہی ۔

Jehovah's Witnesses, n. شاہدینِ یہوواہ ؛ عیسائی فرقے کے وہ اراکین جو آنے والے عہدِ ہزار سالہ اور خُدا کی مذہبی حکومت پر ایمان رکھتے ہیں (اِس دور میں اُن کے عقیدے کے مطابق شیطان قید ہو گا اور حق کی حکومت ہوگی) ۔

jejune, a. غذائی اوصاف سے عاری ؛ خالی ؛ ناکافی ؛ بُہت کم ؛ خفیف ؛ حقیر ؛ ناقابلِ زراعت ؛ بنجر (زمین) ؛ پھیکا سیٹھا ؛ بے مزا ؛ بے لُطف (جیسے : a jejune composition) ؛ خُشک ؛ غیر مُقوّی ؛ نابالِغ ؛ ناتجربہ کار ؛ بُھوکا ؛ رُوکھا ؛ سُوکھا ؛ پوچ ؛ لچر ؛ بے نمک ؛ بدمزا ۔

jejunely, adv. ناکافی طور پر ؛ ناقابلِ اطمینان طور پر ؛ پھیکے پن سے ؛ سیٹھے پن سے ؛ بدمزگی سے ؛ رُوکھے پن سے ؛ بے لذّتی سے ؛ بے لُطفی سے ۔

jejuneness, jejunity, n. بنجر پن ؛ ناکافی پن ؛ پھیکا پن ۔

jejunum, n. (تشریح الاعضا) معائےصائم ؛ چھوٹی آنت کا ایک حصّہ جو بارھویں (امعائے اثنا عشری) اور پیچیدہ آنتوں (امعائے لفائف) کے درمیان واقع ہے ؛ خالی آنت ۔

jejunal, a. چھوٹی آنت کے متعلّق ؛ معاءِ صائم سے متعلّق ۔

jell, v.i., v.t. جیلی بننا ؛ جیلی ہونا ؛ جیلی کی شکل اختیار کرنا ۔ (مجازاً) جیلی کی سی خصوصیت اختیار کرنا ؛ جمنا ؛ کوئی خاص شکل یا صورت اختیار کرنا (جیسے : The project has not begun to jell yet.) ؛ خاص شکل دینا یا صُورت عطا کرنا ۔

jellify, v.t., v.i. جیلی بنانا یا جیلی کی شکل دینا ؛ جیلی بننا ؛ جیلی ہونا ؛ جیلی کی شکل اختیار کرنا ۔

jello, n. جیلو ؛ کھانے کے بعد پھلوں کی آمیزش والا نُقل شیریں جو جیلی کی طرح لیس دار ہوتا ہے ۔

jelly, n. جیلی ؛ رُب ؛ مَعجُون ؛ فالودہ ؛ اُبلے ہوئے پھلوں کا رس اور شکر آمیختہ لیس دار خُوردنی شے ؛ کوئی چیز جو اسی قسم کے خواص کی حامل ہو ۔ (فعل متعدی و لازم) جیلی بنانا/بننا/جمانا/

تعلق رکھنے والا شخص ۔

jayhawker, n. (بڑے J کے ساتھ) جے ہاکر ؛ عُرف عام میں کنساس کے باشندوں کے لیے بولا جاتا ہے ۔ (بعض اوقات بڑے J سے) غلامی کے خلاف لڑنے والے چھاپہ مار جو کنساس ، مسوری اور دوسری ریاستوں میں خانہ جنگی کے دوران اور اس سے قبل موجود تھے ؛ چھاپہ مار ؛ ڈاکو ؛ قزاق ؛ غارت گر ؛ لٹیرا ؛ رہزن ۔

jaywalk, v.i. بے قاعدہ گُزرنا ؛ لاپروائی سے چلنا ؛ باقاعدہ گزر گاہ سے ہٹ کر اور ٹریفک کے درمیان سے لاپروائی کے ساتھ پار ہونا ۔

jaywalker, n. لاپروائی سے سڑک پار کرنے والا ۔

Jazz, n. جاز ؛ جاز موسیقی ؛ جنوبی امریکا کے حبشی لوگوں کی مشہُور موسیقی جس میں فی البدیہہ نغمہ و آہنگ اور سُرتال بجائے جاتے ہیں ۔ (عوامی) شور و غل ؛ مضحک ہنگامہ ؛ بے سُرا ؛ بے آہنگ ؛ بھڑک دار ؛ زندہ دل ؛ فضول بات ۔ (صفت) جاز کے متعلّق ۔

jazzist, jazzman, n. جاز نواز ۔

jazz, v.i., v.t. جاز موسیقی کا بجنا ؛ جاز موسیقی پر رقص ہونا ؛ جاز کے انداز میں موسیقی بجانا ۔ (عوامی) زندہ دلی اور جوش و خروش کی رُوح پھونک دینا ؛ سرگرمی پیدا کر دینا (عموماً up کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

jazz band, n. جاز موسیقی بجانے والا بینڈ ؛ جاز بینڈ جو مختلف باجوں ، ڈھول ، سیکسو فُون ، پیانو ، الغوزے اور سارنگی وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے ۔

jazzy, a. (عوامی) جاز موسیقی کے متعلق ؛ بے مہار ؛ بھڑک دار ؛ زندہ دل ۔

jazzily, adv. بھڑک دار طریقے سے ؛ بے مہار انداز سے ؛ زندہ دلی سے ۔

jazziness, n. بے مہاری ۔

jealous, a. حاسِد ؛ حسد کرنے والا ؛ بد گُمان ؛ رشک و رقابت میں مبتلا (جیسے : jealous pride) ؛ کسی کی ترقّی دیکھ کر جلنے والا ؛ اپنے حقوق کی بڑی فکر سے حفاظت کرنے والا ؛ کسی چیز کی حفاظت میں ہُوشیار اور چوکنا ؛ چوکس ؛ انتہائی رشک اور احتیاط پر مبنی ؛ بحیثیت قوم اپنی آزادی کو برقرار رکھنے میں بڑی چوکس ؛ بے وفائی اور رقابت کو برداشت نہ کرنے والا ؛ متفکّر ؛ اندیشہ ناک ؛ فکر مند ؛ رشک کُنندہ ۔ (بائبل ، خدا کی صفت) غیُور ؛ متکبّر ۔

jealously, adv. حسد سے ؛ رقابت سے ؛ رشک سے ؛ حاسدانہ ؛ وسواس سے ۔

jealousness, n. حسد ؛ رشک ؛ رقابت ؛ جلاپا ؛ غیرت ؛ حمیّت ؛ بدگُمانی ؛ بدظنی ؛ چوکنا پن ؛ چوکسی ۔

jealousy, n. غیرت ؛ حمیت ؛ بدگمانی ؛ بدظنی ؛ جلاپا ؛ رقابت ؛ رشک ؛ حسد ؛ چوکسی ؛ ذہنی بے چینی جو کسی رقابت کے شک یا خوف کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے ؛ کسی کی کامیابی اور ترقّی پر حاسدانہ ناراضگی یا جذبۂ رقابت ؛ حاسدانہ احساس کی مثال ؛ جلن ۔

jean, n. [جینوآ کے نام پر] (جمع) جین ؛ جِین یا ڈینِم کی بنی ہوئی عام پتلُون جو کام کاج کے وقت پہنی جاتی ہے ، آج کل ساری دُنیا کے نوجوانوں میں مقبول ہے ؛ ایک مضبوط دوسُوتی کپڑا جو کام کاج کے لباس بنانے کے کام آتا ہے ۔ (جمع) (عوامی) پاجامہ ۔

جمنا ۔

jellied, a. جیلی کی طرح کا ؛ جیلی جیسا ؛ جیلی کی شکل کا ؛ جیلی نما ؛ جیلی بنایا ہُوا ؛ جیلی بنا ہُوا ۔

jellylike, a. جیلی کی مانند ؛ فالودہ نُما ۔

jellybean, n. جیلی بین ؛ پھلی کی شکل کی قندی (آبلوچ) جس کا اندرونی مرکزی حصّہ جیلی کی طرح کا ہوتا ہے ؛ بچّوں کے کھانے کی میٹھی گولی جس کے اندر جیلی ہوتی ہے ۔

jellyfish, n. جیلی ماہی ؛ رِخوہ ؛ نجمُ البحر ؛ فالودہ مچھلی ؛ ریۃ البحر ؛ ایک قِسم کا دریائی جانور جس کا جسم جیلی کی طرح نرم اور شفاف چھتر نما ہوتا ہے اور اِس کے لمبے لمبے حسیّاتی اعضا ہوتے ہیں جیسے فالودہ مچھلی ۔ (مجازاً) کمزور قُوّتِ ارادی اور اعصاب کا مالک شخص ۔

jelly roll, (Brit.) Swiss roll, n. جیلی رول ؛ اسفنجی کیک کی مستطیل پٹّی جس پر جیلی لگا کر لپیٹ دیتے ہیں ۔

jemadar, n. [اردو : جمع رکھنے والا] جمعدار ؛ مختلف عہدہ داروں میں سے کوئی ایک بالخصوص ہندوستانی حکومت میں پولیس کا عہدہ دار ؛ خادموں کی جماعت کا سربراہ ؛ فوجی دستے کا ایک افسر ۔

jemmy, n. (برطانوی) قُلابہ ؛ عُوزہ ؛ سبَل ؛ سابر ؛ آلۂ نقب جسے ڈاکو دروازے اور دریچے کھولنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ بھیڑ کی سِری مُسلّم پکی ہوئی ۔ (فعل متعدی) آلۂ نقب سے کھولنا ۔

jennet, genet, n. [افریقی مسلمانوں کے ایک قبیلے کے نام پر جو سلطان غرناطہ کے رسالے کے لیے گھوڑے بھجواتا تھا] زناط ، اسپین کا ٹٹو ؛ چھوٹا گھوڑا ؛ گدھی ؛ خرمادہ ؛ اندلسی ٹٹّو یا خچّر ۔

jenny, n. مادہ ، مادین ؛ یہ لفظ بعض جانوروں کے نام کے ساتھ مل کر مادہ کا اظہار کرتا ہے (جیسے : jenny ass, jenny wren, spinning jenny) ۔

jeopardy, n. خطرہ ؛ جوکھم ؛ جان جانے کا ڈر یا خوف ؛ جان جوکھوں والا ؛ اندیشہ ۔ (قانون) مقدّمے کے دوران سزا کا خطرہ ۔

jeopardize, jeopard, v.t. خطرے میں ڈالنا ؛ جوکھم میں ڈالنا ۔

jeopardous, a. خطرناک ؛ پُر خطر ؛ جوکھم کا ؛ خطرے کا ؛ بلا میں مبتلا ۔

jequirity, Indian licorice, jequirity beans, jumble beans, n. جنتم ؛ شنتم ؛ سوسنِ بندی ؛ ہندی مُلٹھی کا پودا ، جس کے سیاہ اور سُرخ بیج اور پھلیاں ایبرین (abrin) کے حامل ہوتے ہیں ، جو ایک طاقتور زہر ہے اور بیج توڑنے پر نکلتا ہے ؛ بحیثیت مجموعی پھلیاں ۔

jerboa, jerboa mouse, n. یربوع ؛ جنگلی چوہا ؛ چوہے سے مشابہ کُترنے والے جانوروں میں سے کوئی ایک ، مثلاً جنس دو پایہ سے متعلق ، جس کی پچھلی لمبی ٹانگیں اُچھلنے میں کام آتی ہیں ۔

jeremiad, n. نالہ و فریاد ؛ نوحہ ؛ طویل آہ و فغاں ؛ بَین ؛ دُکھڑا ؛ بپتا ؛ آہ و زاری ؛ سوگ ؛ واویلا ؛ دل دہلا دینے والی شکایت ؛ شیون ؛ فریاد ۔

jerk, v.t. جھٹکا دینا ؛ جھٹکے کے ساتھ کھینچنا یا دھکیلنا ؛ اچانک جھٹکے اور تیزی سے دھکیل دینا یا پھینک دینا ؛ آنس کریم، سوڈا وغیرہ بنانا ؛ جنبش دینا ؛ پھینکنا ؛ ہچکولا دینا ۔ (فعل لازم) اچانک حرکت میں آنا ؛ جھڑجھڑانا ؛ لڑکھڑاتے ہوئے انداز میں بات ہونا ۔ (اسم) جھٹکا ؛ تشنُّج ؛ رجفہ ؛ دھکّا ؛ اُچھل کُود ؛ چھلانگ ؛ جست ؛ ہچکولا ؛ جھلکورا ۔ (عوامی) بے اثر ، گونگا آدمی ۔ (جمع) (فعلیات) کسی کیف آور (مہیّج) چیز پر معکوس ردّعمل ؛ چہرہ کا تشنج ، قطرب ۔ (جمع) (عوامی) کپکپی ، مثلاً ہذیانی کیفیت ۔ (برطانوی) جسمانی ورزش ؛ جسمانی تربیّت ۔

jerker, n. جھٹکا دینے والا ۔

jerkily, adv. جھٹکے سے ۔

jerkiness, n. جھٹکا ؛ تشنّج ؛ اینٹھن ۔

jerky, a. جھٹکے والا ؛ رجفی ؛ جھٹکی ۔

jerk, v.t. گوشت کے باریک لمبے لمبے پارچے بنا کر دُھوپ میں سُکھانا ۔ (اسم) گوشت کے لمبے پارچے جن کو نمک لگا کر خُشک کیا گیا ہو ۔ نیز Jerky ۔

jerkin, n. جرکن ؛ صدری ؛ پیٹی والی آستین اور کالر کے بغیر جیکٹ جو کولھوں تک لمبی ہوتی ہے ؛ چمڑے کی مردانہ صدری ؛ تنگ پوستین ؛ کُرتی ؛ مِرزئی ؛ کمری ؛ انگرکھی ۔

jerkwater, a. (بول چال) چھوٹا ؛ بے وقعت ؛ حقیر ؛ دُور ؛ الگ تھلگ (جیسے : a jirkwater town,) ۔ (بول چال) (اسم) برانچ لائن پر چلنے والی ریل گاڑی ۔

jeroboam, n. قرابہ ؛ شراب کی بڑی بوتل ۔

Jerry, n. (عموماً برطانوی) (عوامی) جرمن ، خصوصاً جرمن فوجی ۔

jerrybuild, v.t. ناقص مسالے ، گھٹیا اور کمزور طریقے سے عمارت بنانا ۔

jerrybuilder, n. گھٹیا اورکمزور عمارت بنانے والا ۔

jerrybuilt, a. ناقص مسالے سے جلدی اور بودے طور پر تعمیر شُدہ ۔

jersey, n. جرسی ؛ اُون ، نائلون ، رُوئی یا ریشم سے بُنا ہوا کپڑا ، جو عموماً نرم اور لچکیلا ہوتا ہے ؛ تنگ بُنا ہوا بنیان یا سویٹر ۔ (بڑے J سے) مویشیوں کی ایک نسل جو جزیرہ جرسی میں تیّار کی گئی اور عمدہ دودھ کے لیے قابل ذکر ہے ۔

Jerusalem artichoke, n. یروشلم آرٹی چوک ؛ ایک قسم کا سورج مُکھی ؛ ہاتی پیچ ؛ طَرطوفہ ؛ کسی ایسے پودے کی گٹھی ؛ جڑ جو اپنے زیرِ زمین خُوردنی بصلہ یا گٹھی کی وجہ سے اہم ہے ۔ دیکھیے : girusol ۔

Jurusalem cherry, n. یروشلم چیری ؛ ایک آرایشی پودا جس میں زرد سُرخ اور نارنجی رنگ کے بیر لگتے ہیں ۔

jess, n. (بازداری) پیٹی ؛ پُھندنا ؛ باز یا شِکرے کے پاؤں کے چرمی تسمے ، جو بازدار کی رسّی سے بندھے ہوتے ہیں ۔ (فعل متعدی) شِکرے کے پاؤں میں تسمے باندھنا ۔

jessamine, n. دیکھیے : Jasmine ۔

jest, n. مذاق ؛ دِل لگی کا فقرہ ، ٹھٹھول یا لطیفہ ؛ مطائبہ ؛ طعنہ ؛ رمز ؛ چوٹ ؛ ہنسی ؛ مذاق کی حرکت ؛ جس کی ہنسی اُڑائی جائے ؛ نشانۂ تضحیک ؛ نقل محفل ؛ ٹھٹّھا ؛ کِھلّی ؛ ہا ہا ہی ہی ؛ ٹھٹھولی ؛ تمسخُر ؛ دِل لگی ؛ سوانگ ؛ تماشا ؛ نشانہ ؛ ہدف ۔ (فعل لازم) مذاق کا ہونا ؛ ہنسی اُڑنا ؛ پھبتی اُڑنا ؛ دل لگی ہونا ۔ (فعل متعدی) طعنہ دینا ؛ چوٹ کرنا ؛ مذاق کرنا ؛ تَمسخُر اُڑانا ؛ دل لگی کرنا ؛

مخول کرنا۔

in jest, مذاق میں؛ ہنسی میں؛ دل لگی میں؛ ہنسی سے ؛ مذاقاً۔

jester, n. مسخرا؛ درباری مسخرا ؛ قرونِ وُسطےٰ میں دربار کا پیشہ ور مسخرا جو بادشاہ کو ہنساتا تھا ؛ ٹھٹھے باز ؛ ہنسی باز ؛ دل لگی باز ؛ ٹھٹھول ؛ خُوش طبع ؛ بزل گو ؛ پیشہ ور بھانڈ۔

jesting, a., n. مذاقاً۔

jestingly, adv. ہنسی میں ؛ مذاق میں ؛ دل لگی میں؛ رمز میں ؛ چوٹ کرتے ہوئے ؛ ہنسی سے ۔

Jesuit, n. یسوعی ؛ رومن کیتھولک کے یسوعیوں کے فرقہ کا رُکن (یہ فرقہ اگناطیس لویولا نے ۱۵۳۴ء میں قائم کیا تھا)۔ (عموماً چھوٹے ز سے) ریاکار شخص ؛ سُخن ساز ؛ تاویل باز ؛ مکّار۔

Jesuitic, Jesuitical, a. یسوعی ؛ ریاکارانہ ؛ سخن سازانہ ۔

Jesuitically, adv. یسوعیوں کی طرح ؛ سخن سازی سے ؛ ریاکاری سے ۔

Jesuitism, n. یسوعیّت ؛ سخن سازی ؛ ریاکاری ۔

Jesus, Jesus Christ, Christ, Jesus of Nazareth, n. یسوع ناصری ؛ یسوع مسیح ؛ حضرت عیسیٰ علیہ السّلام ؛عیسائیت کے بانی ۔ (عیسائی علوم) کلمۂ خداوندی کی انسانی شکل میں اعلیٰ ترین تجسیم ؛ اوتار۔

jet, n. پانی وغیرہ کی تیز دھار (جیسی فوّارے میں سے نکلتی ہے) ؛ نوکدار نلی ؛ فوّارہ ؛ ٹونٹی ؛ جیٹ انجن ؛ جیٹ ہوائی جہاز ؛ نَل ؛ جیٹ ۔ (فعل لازم) تیز دھار نکلنا ؛ فوّارہ چُھوٹنا ؛ تیزی سے حرکت میں آنا ؛ جیٹ ہوائی جہاز سے سفر کیا جانا یا جیٹ انجن کے دھکیلنے سے چلنا ؛ دھار نکلنا ؛ دھار پڑنا ؛ بہنا ؛ اینٹھ کر چلنا ؛ اکڑنا ۔ (فعل متعدی) خارج کرنا ؛ پانی کی تیز دھار نکالنا ؛ فوّارہ چھوڑنا ۔ (صفت) جیٹ انجن یا ہوائی جہاز کے متعلّق ۔

jet, n. سنگ موسٰے ؛ ایک سیاہ چمک دار معدن جو زیورات اور بٹن بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کُہربائے سیاہ ؛ سیاہ تاب ۔

jet, a. سیاہ چمکدار ؛ سنگ موسٰے کے رنگ کا ۔

jet avator, n. جیٹ موڑ ؛ طیّارے کی سمت تبدیل کرنے کے لیے راکٹ/جیٹ کے دھوئیں کی سمت موڑنے والا آلہ ۔

jete, n. (بیلے رقص) تیز چھلانگ ؛ تیز جَست ؛ تیز پھلانگ ۔

jet engine, jet motor, n. جیٹ انجن ؛ ہوائی جہاز میں خاص طور پر استعمال ہونے والا انجن جو دھکّے سے اپنی رفتار بڑھانے کے لیے ،دھوئیں اور گیس جیسے اپنے جلے ہوئے ایندھن کو ، ایک یا ایک سے زیادہ عقبی نالیوں سے خارج کرتا رہتا ہے ۔

jet lag, n. جیٹ تکان : کئی فضائی سفروں سے پیدا ہونے والی تکان ، چڑچڑا پن اور دیگر علامات ۔

jetliner, n. جیٹ ہوائی جہاز جو تجارتی ہوائی کمپنیاں استعمال کرتی ہیں ۔

jet plane, jet airplane, n. جیٹ جہاز ؛ ہوائی جہاز جو ایک یا ایک سے زیادہ جیٹ انجنوں کی مدد سے چلتا ہے ۔

jetport, n. جیٹ پورٹ ؛ وہ ہوائی اڈا جو زیادہ تر یا قطعی طور پر جیٹ طیّاروں کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

jet-propelled, a. جیٹ انجن یا راکٹ انجن کی قُوّت سے چلنے والا ۔ (مجازاً) تیز رَو ؛ تند رو ۔

jet propulsion, n. جیٹ انجن کے دھکّے کی مدد سے چلنے کا عمل ؛ گیس یا سیال مادے کی دھار کے دھکے سے چلنے کا عمل ؛ جیٹ دھکیل ۔ (طیرانیات) جیٹ انجن کے ذریعے حرکت یا اُڑان ؛ جیٹ دھکیل ۔

jetsam, jetsom, n. افگندہ ؛ ریختہ مال ؛ پھینکا ہوا مال ؛ وہ سامان جو خطرے کے وقت بحری جہاز کو ہلکا کرنے کے لیے باہر پھینک دیا جاتا ہے ، خصوصاً وُہ سامان جو بہ کر ساحل تک جا لگے ۔ (مجازاً) کوئی بھی پھینکی ہوئی چیز ، ترک کی ہوئی اشیا ؛ پھینک ؛ فدیۂ بحر ؛ جہاز سے پھینکا ہُوا سامان ؛ کنار آمدہ غریقہ ؛آب آورد ۔

jet set, n. امیر ، وسیع المشرب ، وضع دار ، مُمتاز شخصیات کا بین الاقوامی گروہ ، جو ایک عُمدہ مقام سے دوسرے عمدہ مقام تک ، جیٹ طیّارے سے سفر کرے ۔

jet stream, n. جیٹ دھارا ؛ زمین کی فضا کے اُوپر تنگ دھاروں میں قطبین کے اردگرد مغرب سے مشرق کے رُخ چلنے والی تیز رفتار آندھی ؛ بادجٹی ؛ رقیق و سیّال مادّہ یا گیس کی وہ تیز دھار جو راکٹ یا انجن سے خارج ہوتی ہے ۔

jettison, n. دست برداری ؛ تَرک ؛ باد ریزی ؛ بحری جہاز یا ہوائی جہاز کو ہنگامی حالت میں ہلکا کرنے یا اُستوار رکھنے کے لیے سامان کو باہر پھینک دینے کا عمل ؛ وہ سامان یا مال جو بحری جہاز سے پھینک دیا گیا ہو ؛ مال اندازی ۔ (فعل متعدی) بحری جہاز یا ہوائی جہاز سے سامان کا باہر پھینکنا ؛ غیر ضروری بوجھ سمجھ کر مال سے دست برداری کرنا ؛ نذرِ بحر کرنا ؛ فدیۂ بحر کرنا ۔

jettisonable, a. بحر انداز ؛ وہ (سامان) جو پھینکے جانے کے قابل ہو ؛ قابلِ دست برداری ۔

jetty, n. گودی ؛ پتھروں یا لٹھوں کا بند یا پل جو بندرگاہ کی حفاظت کے لیے سُتونوں پر سمندر کے اندر تک بنا دیا جائے ؛ پُشتہ جس پر جہاز سے اُتر کر کنارے پر آتے ہیں ؛ مال انداز ؛ کھمبا ؛ نکاسہ ؛ اُبھار ؛ پایہ ؛ لکڑی کا حفاظتی ڈھانچا جس سے پُشتہ بنتا ہے ؛ کسی عمارت کا آگے نکلا ہوا حصّہ یا چھجا ۔ (فعل متعدی) سمندر کے اندر تک پُل بنانا ؛ چھجّا بنانا ۔ (فعل لازم) باہر کی طرف نکلنا ۔

jetty, a. جیٹ پر مشتمل یا اُس سے مشابہ ؛ کالا سیاہ ؛ چمکدار سیاہ ۔

Jew, n. یہُودی ؛ اسرائیلیوں کی نسل سے تعلّق رکھنے والا ؛یہودہ کے قبیلہ یا سلطنت سے تعلّق رکھنے والا ۔ (مجازاً) سود خور ؛ بخیل ۔

Jewess, n. یہُودن ؛ یہُودی عورت ؛ زنِ یہُودی ؛ یہُودی لڑکی ؛ عبرانی عورت ۔

jewel, n. گوہر ؛ جوہر ؛ نگ ؛ جڑاؤ زیور ؛ ذاتی آرایش کی کوئی قیمتی چیز بالخصوص سونے یا جواہر کی ؛ جوہر یا قیمتی پتھّر ؛ کوئی قیمتی پتھّر یا اس کا متبادل جو گھڑی کے بیرنگ کے طور پر استعمال ہو ؛ شیشہ ، انیمل یا جوہر سے مشابہ کسی اور چیز کا ٹُکڑا ، جو سجاوٹ کے لیے لباس وغیرہ میں استعمال کیا جائے ؛ بُہت اہمیّت یا فضیلت کی حامل کوئی چیز یا شخص ؛ قیمتی املاک ۔ (فعل متعدی) جواہرات جڑنا ؛ جڑاؤ زیور پہنانا ؛ جواہرات سے آراستہ کرنا ۔

jewelly, a. جواہراتی ؛ قیمتی پتھروں سے مزّین ؛ جوہردار ۔

jeweler,(Brit.)jeweler,n. جوہری ؛ جڑاؤ زیور اور گھڑیاں بنانے ، مرمت کرنے یا بیچنے والا ؛ جڑیا ؛ سُنار ؛ مرصّع ساز؛ صرّاف ۔

jewelery,(Brit.)jewellery, جواہرات ؛ جڑاؤ زیورات ؛ ذاتی آرایش کے لیے سونے ، چاندی اور قیمتی پتھّروں کی مرصّع چیزیں ؛ گہنا ؛ زیور ۔

jewelweed, n. گُل حِنا کی جنس سے تعلّق رکھنے والی شُمالی امریکا کی ایک جڑی بُوٹی جس میں بے ترتیبی سے زرد یا زرد نارنجی رنگ کے پھول کھلتے ہیں ۔

jewfish, n. سمک الیہود ؛ جِیُومچھلی ؛ بحر اوقیانُوس کے گرم پانیوں میں پائی جانے والی بڑی مچھلی ۔

Jewish, a. یہُودی ؛ یہُود ، ان کی ثقافت یا مذہب کا یا ان سے متعلّق ؛ یہُودی نسل کا ؛ یہودی کا ، یہودی علاقے کا ۔ (اسم ، بول چال) یہودی ۔

Jewishness, n. یہُودی پن ؛ یہُودیت ؛ یہودی خصلت ؛ یہودی رَوِیّہ ۔

Jewish calendar, n. یہُودی تقویم ؛ قمری شمسی نظامِ تقویم ؛ یہودی کیلنڈر جو ۳۷۶۱ قبل مسیح شروع ہوا تھا ، اس نظام تقویم کے مطابق ابتدائی موسم خزاں میں شروع ہونے والے سال کے بارہ یا تیرہ مہینے ہوتے ہیں اور ہر مہینہ ۲۹ یا ۳۰ دِن کا ہوتا ہے (اس میں ہر تیسرے سال تیرھویں ماہ کا اضافہ یعنی کبیسہ کر کے اسے شمسی سال کے برابر کر لیا جاتا تھا) ؛ یہودی نظامِ تقویم ۔

Jewry, n. قومِ یہود ؛ یہودی ٹولہ ؛ یہودیوں کا محلہ ۔

jew's-harp, jews'-harp, n. چنگ یہُود ؛ یہودی بربط ؛ ایک چھوٹا بربط نُما ساز جسے دانتوں میں پکڑ کر اور دھات کی لچکیلی مِضراب سے بجایا جاتا ہے ؛ مُنھ چنگ ؛ مرچنگ ۔

Jezebel, n. [اسرائیلی بادشاہ اخیاب کی بیوی یزبلؔ کے نام پر](عموماً چھوٹے j سے) ڈھیٹ بدچلن عورت ، بے شرم عورت ۔

jib, n. (جہاز رانی) بازو ؛ جِب (حمّالہ کا) ؛ بحری جہاز میں سب سے آگے کا تکَونی بادبان ؛ کرین (حمّالہ یا بوجھ اٹھانے والی مشین) کا آگے نکلا ہوا حصّہ ؛ جہاز میں سب سے آگے کا پال ۔

cut of one's jib, n. (بول چال) کسی کی مجموعی وضع قطع ؛ شکل و صورت ۔

jib, v.i. گھوڑے کا اڑ جانا یامچل جانا ؛ لگام کھینچنے پر گھوڑے کا آگے بڑھنے کے بجائے دائیں بائیں یا پیچھے بے چینی سے ہٹنا ؛ اڑنا ۔ (مجازاً) آگے بڑھنے سے انکاری ہونا ۔ (اسم) اڑیل گھوڑا ؛ اڑیل ٹَٹّو ۔ نیز:jibber ۔

jib boom, n. (جہاز رانی) مستول کے آگے کی مضبوط بَلّی جس سے اگلے تکونی شکل کے بادبان کو باندھا جاتا ہے ؛ جِب بُوم ۔

jibe, gibe, gybe, v.i. (جہاز رانی) بادبان کا ہوا سے اِدھر اُدھر حرکت میں ہونا ؛ بادبان کا ہوا سے اِدھر اُدھر ہلنے سے بحری جہاز کا راستہ بدلنا ۔ (فعل متعدی) بادبان کا یا بَلّیوں کا اِدھر اُدھر ہلانا ۔ (اسم) بادبان یا بَلّیوں کی حرکت ؛ راستے کے بدلنے سے بادبان میں حرکت ۔

jibe, v.i. (بول چال) اِتّفاق ہونا ؛ ہم آہنگ ہونا ۔

jiffy, jiff, n. (بول چال) پَل ؛ لمحہ ؛ چشم زَدن ۔

jig, gigue, n. رقصِ مستانہ ؛ البیلا ناچ ؛ توڑا ؛ تین تالہ ؛ اس ناچ کے ساتھ کا ساز ؛ ناچ کی گت ، جو ممکن تِگن تال میں ہوتی ہے ۔ (میکانیات) چیزوں کے پکڑنے کے لیے دھات کا میکانکی آلہ ؛ مچھلیوں کے پکڑنے کا چمچہ نُما کانٹوں کا گُچھّا ۔ (کان کنی) پانی میں مِلی کچّ دھات کو علیحدہ کرنے کی چھلنی ؛ نیار چھلنی ؛ جِگ ۔ (فعل متعدی و لازم) رقصِ مستانہ کرنا ؛ البیلا ناچ ناچنا ؛ کچ دھات کو پانی میں گھول کر چھلنی سے اس غرض سے چھاننا کہ موٹے ریزے باریک ذرّوں سے علیحدہ ہو جائیں ؛ نیارنا ؛ کانٹوں کے گُچھّے سے مچھلی پکڑنا ؛ ناچنا؛ توڑے لینا ۔

the jig is up, (عوامی) اب مزید کوئی موقع نہیں ہے؛ تمام اُمّیدیں ختم ہو گئی ہیں ؛ اُمّیدوں پر پانی پھر گیا ہے ۔

jigger, n. نیاریا ؛ کوئی چیز جو چھلنی کا کام دے ؛ کُمہار کے چاک کی ایک قسم ؛ کچ دھات الگ کرنے کی چھلنی ؛ کوئی آلہ ؛ میکانکی اوزار ۔ (بول چال) کوئی آلہ ، حصّہ یا چیز جس کا کوئی شخص صحیح نام نہ بتا سکے ۔ (جہازرانی) چھوٹی چرخی جو عرشۂ جہاز کے گرد رسّی سے پھرتی ہے ؛ چھوٹا بادبان جو چھوٹی کشتی کے عقب پر ہو ؛ آبی مرفاع ۔ (بلیرڈ) برج ۔ (گالف) کھیلنے کے لوہے کے سر والی چھڑی ؛ ایک یا ڈیڑھ اونس شراب ناپنے کا پیمانہ ۔

jigger, chigger, chigoe, n. دُودۂ جلد؛ چچڑی ؛ چگو ؛ افریقہ اور جنوبی امریکا میں پائی جانے والی سُرخ رنگ کی چچڑی جو لاروے کی شکل میں انسانوں اور جانوروں کی جلد سے چِمٹ جاتی ہے اور خارش کا سبب بنتی ہے ۔

jiggermast, n. (جہاز رانی) چار بادبانوں کی کشتی کا پچھلا بادبان ؛ کشتی کے پچھلے حصّے کے مستول کا بادبان ۔

jiggle, v.t., v.i. ہلکے تیز جھٹکوں سے آگے پیچھے اور اُوپر نیچے حرکت دینا ؛ دھیرے دھیرے چلانا ۔ (اسم) ہلکے تیز جھٹکوں والی حرکت ۔

jig saw, n. رقصندہ آرا ؛ ایک باریک آرا جو عمُودی فریم پر لگا ہوتا ہے اور اُوپر نیچے حرکت سے استعمال میں آتا ہے اور بل کھائی ہوئی بے قاعدہ لائنوں کو کاٹتا ہے ؛ چھبَکّا ۔

jigsaw, v.t. رقصندہ آری سے کاٹنا ؛ چھبَکّے سے کاٹنا ۔

jigsaw puzzle, n. آڑا کٹا معمّا ؛ چھبکّا مُعِمّا ؛ مُعِمّا جو لکڑی یا کارڈ بورڈ کی مختلف شکلوں کے ٹُکڑوں سے بنایا جاتا ہے اور جب یہ ٹکڑے کسی خاص ترکیب سے جوڑے جاتے ہیں تو کوئی تصویر بن جاتی ہے ۔

jillion, n. پدم پدم ؛ ایک فرضی عدد جو بہت بڑی رقم کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔ (صفت) بڑی رقم کی طرف اشارہ کرنے والے فرضی عدد کے متعلّق ۔

jilt, v.t. جھانسے دینا ؛ نخرے بازی کرنا ؛ بیوفائی کرنا جیسے منگیتر ، عاشق یا محبوبہ کرتے ہیں ؛ بُتّا دینا ؛ نخرے بازی کرنا ؛ چھلنا ؛ ٹِھنَکنا ۔ (اسم) بیوفا عورت ؛ وہ عورت جو اپنے عاشق کو رد کر دے ؛ نخرے باز عورت ؛ عیّار ۔

Jim Crow, n. نسلی امتیاز برائے نیگرو ؛ حبشیوں کے خلاف نسلی امتیاز ، جیسے سرکاری جگہوں پر جانے کی پابندی ۔ (صفت) (عموماً چھوٹے j سے) نسلی امتیاز کا ۔

Jim Crowism, n. حبشیوں کے خلاف نسلی امتیاز ۔

jim-dandy, a., n. (بول چال) شاندار ؛ قابلِ تعریف یا اعلیٰ ؛ برتر ؛بڑا ؛عظیم (جیسے : jim-dandy speed boat) ـ

jim jams, n. (عوامی) عصبی پریشانی کا احساس ؛ اضطراب ؛ ہیجان ؛ گھبراہٹ اور بے چینی کی کیفیّت ؛ ہذیانی کیفیت ؛ ہذیان کا دورہ ـ

jimmy, jemmy, n. سبَل : چھوٹا سا بر؛ نقب زنی کا چھوٹا آلہ جیسے نقب زن استعمال کرتے ہیں ـ (فعل متعدی) سبل سے زبردستی کسی دروازے یا کھڑکی کو کھولنا ـ

jimson weed, Jimson weed, n. دھتورا ؛ مکو کے خاندان کی بودار بُوٹی جس کے پھُول سفید اور پتّے زہریلے اور نشہ آور ہوتے ہیں ـ

jingal, jingall, gingal, gingall, n. بڑی بندوق یا توپ ؛ اسے گھومنے والے ستون یا گاڑی پرنصب کر کے چلایا جاتاہے۔ شروع شروع میں اسے ہندوستانی اور چینی استعمال کرتے تھے ـ

jingle, v.i. جھنکارنا ؛ گھنٹی کی طرح ٹنٹنانا ؛ جھنجھنانا ؛ نغمے یا موسیقی میں بتکرار آہنگ پیدا ہونا (مثلاً شعر یا موسیقی کا) ـ (فعل متعدی) چھوٹی گھنٹیوں کی سی آواز پیدا کرنا ؛ زنجیر کی کڑیوں کی جھنکار پیدا کرنا ؛ جھن جھن کرنا ؛ کھن کھن کرنا ـ (اسم) جھنکار ؛ کھنکھناہٹ ؛ چھناکا ؛ قافیہ اور ردیف میں الفاظ کی صوتی مطابقت جیسے شاعری میں ہم صوتی الفاظ ؛ چھوٹی سی دِل لُبھانے والی نظم یا سُر؛ آسٹریلیا اور آئرلینڈ میں مستعمل دو پہیّوں اور چھت والی گاڑی ؛ چھن چھن ؛ جھن جھن ؛ جھنجھناہٹ ـ

jingler, n. جھنکار پیدا کرنے والا ـ

jingly, a. جھنکار سے ؛ نغمۂ آہنگ پیدا کرنے والا ـ

jingo, n. جنگو ؛ جارحانہ خارجہ پالیسی کا اعلانیہ حامی ؛ مُحِبِّ وطن ـ (صفت) جارحانہ پالیسی کا یا اس سے متعلق ـ

by jingo, (بول چال) قسم سولہ آنے کی ؛ نرم یا ہلکی قَسم ؛ حیرت یا مضبوط عقیدے کا اظہار ـ

jingoism, n. جارحانہ حِکمت عملی ؛ جنگ جویانہ وطن پرستی ـ

jingoist, n. جنگ جوئی کی پالیسی کا حامی ؛ اَکڑ باز ـ

jingoistic, jingoish, a. جارحانہ ؛ جنگ جوئی کی پالیسی کا ؛ اکڑ باز ؛ جنگ جویانہ ـ

jink, v.i. (اسکاٹستانی) سُبُک خرام ہونا ؛ نرم حرکت کا ہونا ؛ چابُکدستی سے گھُوم جانا یا چکّر کھانا ـ (اسم) (اسکاٹستانی) فریب والا چکّر ـ

jinks, n. خرمستیاں ؛ رنگ رلیاں ، شوخیاں ؛ شرارتیں (جیسے : high jinks) ـ

jinn, genie, jinni, n. (مسلم اساطیری) جن ؛ فرشتوں سے کم تر رُوحانی مخلوق جو انسانی اور حیوانی شکل میں نمودار ہو کر لوگوں پر اچھے یا بُرے اثرات ڈال سکتی ہے ؛ جِنّات ـ

jinrikisha, jinricksha, jinrickshaw, jinricksha, n. (جاپانی) رکشا ؛ مشرقی ممالک میں استعمال ہونے والی چھوٹی سی دو پہیہ گاڑی جسے ایک یا ایک سے زیادہ آدمی کھینچتے ہیں ـ

jinx, n. (بول چال) بدشگونی لانے والی شے ؛ بدقسمتی لانے والی کوئی بھی چیز ـ (فعل متعدی) بدقسمتی لانا ـ

jitney, n. جٹنی ؛ مسافر بردار چھوٹی بس یا گاڑی ، شروع میں جس کا کرایہ پانچ سینٹ ہوتا تھا ـ (عوامی) پانچ سینٹ کا سکہ ـ

jitter, v.i. گھبراہٹ سے کام ہونا ؛ اعصابی پریشانی ظاہر ہونا ـ

jitters, n. (عوامی) شدید اعصابی ہیجان ، تناؤ ، خوف یا بے چینی کا احساس (جیسے : The horror movie gave me the jitters) ـ

jittery, a. اعصاب زدہ ؛ اعصابی تناؤ کی ؛ اعصابی پریشانی کی ؛ گھبرایا ہوا ، پریشان ، سراسیمہ ـ

jitterbug, n. تیز ناچ ؛ ۱۹۳۰ء کا ایک ہر دلعزیز رقص جو تیز تیز قدموں سے ، گول چکّر میں ، جوڑا جوڑا اور الگ الگ بھی کیا جاتا ہے ؛ ایسا رقص کرنے والا رقّاص ـ (فعل لازم) جِٹر بگ رقص کا ہونا ؛ تیز رقص کا ہونا ـ

jiujitsu, jiujutsu, n. دیکھیے : Jujitsu ـ

jive, n. جُھولا یا جاز موسیقی ؛ جاز موسیقی پر رقص ؛ جاز موسیقاروں کی گپڑ شپڑ ؛ بھیجڑی بولی ؛ گمراہ کُن بات چیت ـ (فعل لازم) جاز موسیقی پر رقصاں ہونا ـ (فعل متعدی ، عوامی) تنگ کرنا ؛ بیوقوف بنانا یا اُلجھانا ؛ پریشان کرنا ـ

jo, joe, n. (اسکاٹستانی) محبوبہ ؛ معشوقہ ؛ محبوب کو پیار سے پکارنے کا لفظ ـ

job, n. مزدوری ؛ اُجرت پر کام (نفع کی خاطر) ؛ پھٹکل کام ؛ فرضِ منصبی ؛ کارِ خدمت ؛ کوئی ایسا سرکاری یا عوامی کام یا صورت حال جو غیر مُناسب ذاتی فائدے کے لیے ہو ؛ شے جس پر کام کیا جائے ؛ نوکری کی جگہ ؛ غیر معمولی محنت طلب کام ؛ کسی کام کو کرنے کا طریقہ ؛ کام ؛ دھندا ؛ پیشہ ؛ چھوٹا کام ؛ کاج ؛ مُلازمت ؛ روزگار ؛ اسامی ؛ عُہدہ ـ (عوامی) مجرمانہ کام جیسے چوری یا ڈاکہ ـ (صفت) کسی خاص کام یا مزدوری کے لیے اُجرت پر رکھنے کے متعلّق ؛ اکٹھّا خریدا یا بیچا گیا ـ

jobless, a. بیکار ؛ مزدُوری کے بغیر ؛ دھندے کے بغیر ؛ نوکری کے بغیر ؛ بیروزگار ؛ بے دھندا ـ

joblessness, n. بے کاری ـ

job, v.t., v.i. کام کے حساب سے مزدوری کرنا ؛ پھٹکل کام کرنا ؛ اجرت پر کام کرنا ؛ متفرق کام کرنا ؛ دلال یا آڑھتی یا مزدور کی حیثیت سے خریدوفروخت کرنا یا خریدوفروخت کا کیا جانا ؛ عوامی کاروبار کو ذاتی فائدے کے لیے غیر مناسب طریقے سے کرنا ؛ خدماتِ مُفوضہ سے ذاتی منافع کا حاصل ہونا ؛ کسی معاملے میں بد دیانت ہونا ؛ عوامی خدمات کے کام پر ذاتی فائدہ حاصل ہونا ؛ تھوک خرید کر پرچون بیچنا ؛ کام کے مختلف حصّے مختلف ٹھیکے داروں یا مزدُوروں کو دینا ؛ ذاتی فائدے کے لیے بد دیانتی کرنا ـ (عوامی) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ کسی کو ٹھگنا ؛ فریب دے کر لوٹنا ـ

jobber, n. مزدُور ؛ خدمتگار ؛ دلّال ؛ آڑھتی ؛ تھوک فروش ؛ پھٹکل کام کرنے والا ؛ ہُنڈی فروش ـ (برطانوی) حصص کا دلّال ؛ متفرق کام کرنے والا ـ

jobbery, n. بد دیانتی کا کام ؛ بے ایمانی ؛ رشوت ستانی ؛ سرکاری عُہدے سے ناجائز فائدہ اٹھانا ؛ ذاتی فائدے کے لیے ناجائز ذرائع اختیار کرنا ؛ دلّالی ؛ آڑھت ؛ آڑ ـ

jobholder, n. ملازم ؛ سرکاری ملازم ؛ مستقل کام کرنے والا آدمی ـ

گفتگو ؛ ظرافت سے بھری باتیں ۔

jocularly, adv. مذاق میں ؛ مسخرے پن سے ؛ ظریفانہ انداز میں ؛ ہنسی میں ۔

jocund, a. ہنسوڑ ؛ زندہ دل ؛ رنگیلا ؛ خُوشگوار ؛ خُوش باش ؛ خوش دِل ؛ خوش وخُرّم ؛ خوش مزاج ؛ خُوش طبع ؛ مگن ۔

jocundity, n. زندہ دِلی ؛ خُوش باشی ؛ خُوش دِلی ؛ ہنسوڑ پن ؛ ہنسی خوشی ؛ رنگیلا پن ؛ خُوش مزاجی ؛ کھلاڑی پن ؛ خوش طبعی ۔

jocundly, adv. زندہ دلی سے ۔

jodhpur, n. [بھارتی شہر جودھپور کے نام پر] جودھپوری ؛ برجس ؛ گُھڑ سواری کے وقت پہنے جانے والی برجس جو سُرین پر چوڑی ، گھٹنوں پر تنگ اور ٹخنوں کے ساتھ چپکی ہوتی ہے جس کے ساتھ عموماً رکاب نُما پاؤں کے تسمے لگے ہوتے ہیں ؛ گُھڑ سواری کا جُوتا جو ایسی برجس کے ساتھ پہنا جاتا ہے ، یہ ٹخنوں تک آتا ہے اور تسموں سے باندھا جاتا ہے ۔

joe, jo, n. (عوامی) بندہ ؛ آدمی ؛ جنا (جیسے : He is a great joe) ۔ (اسکاٹ لینڈ) دل جانی ؛ جان ؛ پیاری ؛ محبوبہ ۔

joe-pye weed, n. جوپائی جھاڑی ؛ مُرکّب پھولوں کے خاندان کا ایک لمبا جنگلی پودا جو ہلکے ارغوانی اور قرمزی رنگ کے پُھولوں کے گُچھوں پر مشتمل ہوتا ہے اور عمُوماً گرمیوں کے آخری دنوں میں کِھلتا یا پُھولتا ہے ۔

joey, n. (آسٹریلیا) کنگرو کا بچّہ ؛ کسی جانور کا بچّہ ؛ ننھا بچّہ ؛ جوئی ۔

jog, v.t. ٹھیلنا یا جنجھوڑنا ؛ اچانک ہلکے سے ہلا کر دھکیلنا ؛ یاد دہانی یا خیال کے لیے ٹہوکا دینا ؛ یاد تازہ کرنا ؛ حرکت دینا ؛ کسی انجن وغیرہ کو دھکّے یا دھکّوں کے ساتھ چلانا ؛ گھوڑے کی طرح باقاعدہ چال چلنا ۔ (طباعت) کارڈ یا کاغذ کو کسی سطح سے بہ احتیاط ٹھوک کر ایک سا کرنا جیسا کہ جاگنگ مشین سے کیا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) ڈگمگاتے یا ہچکولا کھاتے قدموں کا اُٹھنا ؛ ہلکی ورزش کی صورت میں آہستہ روانہ ہونا ؛ چل دینا ؛ راہ لینا ؛ کسی نہ کسی طرح کام چلے جانا ؛ کسی نہ کسی طرح وقت گزارنا ؛ ورزش کی خاطر آہستہ آہستہ دوڑنا ؛ سُستیِ روی سے چلنا کہ جس میں کوئی خاص فاصلہ طے نہ ہو ؛ دھچکے کھاتے چلنا ؛ جُھومتے چلنا ؛ گرتے پڑتے چلنا ؛ مرے پاؤں چلنا (on یا along کے ساتھ) ۔ (اسم) ہلکی ورزش ؛ آہستہ دوڑنے کی حرکت یا جگہ ، دھکّا ، ٹہوکا یا ہلکا جھٹکا ؛ توجہ دلانے کے لیے ٹہوکا ؛ ہچکولا ؛ روک ؛ دھچکا۔(نجاری ، معماری) قائم الزّاوِیہ کٹاؤ ۔ (میکانیات) صف یا سیدھ میں اچانک اور بے قاعدہ تبدیلی ۔

jogger, n. آہستہ آہستہ دوڑنے والا ؛ جاگر ؛ سُست رفتاری سے چلنے والا ؛ ٹہوکا دینے والا ؛ راہرو ؛ گرتے پڑتے چلنے والا ؛ سست قدم ؛ دھکّا دینے والا۔

joggle, v.t. اچانک لیکن ہلکا دھکّا دینا ؛ اچانک اور غیر متوقع لمس سے غیر مستحکم یا غیر محفوظ کرنا ؛ مُتحِد کرنا یا بند کرنا ؛ ہلکا سا جھٹکا دینا ؛ ہچکولے دینا ۔ (نجّاری) مناسب حصّے کو ہلا جلا کر چُول بٹھانا ۔ (فعل لازم) ہچکولے کھانا ؛ ہلکا سا جھٹکا لگنا ؛ چُول بیٹھنا ۔ (اسم) دندانوں اور جھٹکوں سے بنا

job-hopping, n. نوکری بدلی ؛ اپنی آمدنی میں اضافہ کی خاطر بار بار نوکری بدلنے کی عادت یا عمل یعنی ایک جگہ کام چھوڑ کر دوسری جگہ کام کرنا ۔

job-hopper, n. نوکری بدل ؛ نوکری کی دوڑ لگانے والا ؛ وہ شخص جو اپنی آمدنی میں اضافے کے لیے بار بار نوکری بدلتا ہے ۔

job lot, n. متفرّق مال کے ڈھیر کی ، کسی پرچون فروش کو کم قیمت پر ، فروخت ؛ متفرّق گھٹیا مال کا ڈھیر ۔

job's comforter, n. دوست نُما دشمن ؛ غمخواری کے پردے میں تکلیف میں اضافہ کرنے والا ۔

job's-tears, n. آنسو گھاس ؛ گرم خطّے کی ایک گھاس جس میں آنسوؤں کے قطروں کی طرح کے پُھول یا دانے لگتے ہیں جو خوراک اور آرایشی کاموں ، مثلاً ہار ، مالا ، تسبیح یا چٹائی وغیرہ میں استعمال ہوتے ہیں ۔

job work, n. کام کے حساب سے مزدُوری ؛ دہاڑی ؛ پھٹکل کام ۔ (طباعت) چھاپہ خانے میں متفرق کام کاج جیسے کارڈ ، پوسٹر یا پمفلٹ وغیرہ کی چھپائی ؛ اُجرتی کام ۔

jock, n. جاکی ؛ چابک سوار ؛ گُھڑ سوار ۔ (عوامی) پہلوان ؛ کھلاڑی ؛ اتھلیٹ ۔

jockey, n. جاکی ؛ چابُک سوار ؛ پیشہ ور گُھڑ سوار ؛ گُھڑ دوڑ میں گھوڑے پر سوار ہونے والا ۔ (بول چال) ڈرائیور/پائلٹ یا گائیڈ (کار یا ہوائی جہاز وغیرہ کا) ۔ (فعل متعدی و لازم) گُھڑ دوڑ میں گھوڑا دوڑانا ؛ کار چلانا ؛ ہوائی جہاز چلانا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ ساز باز کرنا ؛ دغا کرنا ؛ ٹھگنا

jockey club, n. جاکی کلب ؛ گھڑ دوڑ کی انجمن ؛ گھڑ دوڑ کے منتظمین اور گھوڑوں کے مالکوں کی انجمن ، جو اس کھیل کو فروغ دیتی اور اس کے لیے قاعدے قانون وضع کرتی ہے ؛ گھڑ دوڑ کا ایسا علاقہ جس میں گھڑ دوڑ کا راستہ ، ممبروں کی نشست گاہیں، ریسٹورنٹ اور لاؤنج شامل ہوں ۔

jocko, n. چمپانزی ؛ بُوزنہ ؛ لنگور ؛ بندر ؛ بن مانس ؛ (آجکل) کسی بھی بندر یا لنگور کا نام ۔

jockstrap, athletic supporter, n. لنگوٹ ؛ لچکدار کمر پیٹی ؛ ایسی کمر پیٹی جِسے پہلوان اپنے تناسلی اعضا کی حفاظت کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

jocose, a. خوش مزاج ؛ خوش طبع ؛ ظریف ؛ ٹھٹھول باز ؛ مسخرا ؛ پُرمذاق ؛ مسخرے پن کا ؛ ٹھٹّھے باز ؛ ہنسوڑ ۔

jocosity, n. خُوش طبعی ؛ مسخرا پن ؛ ٹھٹھول ۔

jocosely, adv. خوش طبعی سے ؛ مسخرے پن سے ؛ خوش مزاجی سے ؛ ظریفانہ ؛ ظرافت آمیز۔

jocoseness, n. خوش طبعی ؛ مسخرا پن ؛ خوش مزاجی ؛ ٹھٹھے بازی ؛ ظرافت ؛ کِھلّی ۔

jocular, a. پُرمذاق ؛ ظریفانہ ؛ مزاحیہ ؛ مذاقیہ ؛ بذلہ سنج ؛ مسخرے پن کا ؛ ہنسی کا ؛ ٹھٹھول ؛ ٹھٹھے باز ؛ ہنسوڑ ؛ کِھلّی باز ؛ خوش طبع ؛ ظریف ؛ خُوش مزاج ؛ ٹھٹھول باز ؛ مسخرا ۔

jocularity, n. مذاق ؛ ظرافت ؛ مزاح ؛ مسخرا پن ؛ ہنسی مذاق ؛ بذلہ سنجی ؛ ٹھٹھے بازی ؛ کھلّی ؛ خُوش طبعی ؛ پرمذاق

Johnsonian, a. ڈاکٹر جانسن کے انداز تحریر کی خصوصیت کا حامل ۔ (اسم) ڈاکٹر جانسن کے اسلُوب کی نقل کرنے والا ؛ جانسن کا معتقِد اور پیروکار ۔

Johnsonianism, n. جانسونیت ؛ ڈاکٹر جانسن کے اسلُوب کی قدردانی و حمایت ۔

Johnson grass, n. جانسن گھاس ؛ گھوڑوں اور مویشیوں کے چارے کے لیے ایک لمبی سدا بہار گھاس ۔

join, v.t. جوڑنا ؛ مِلانا ؛ لگانا ؛ دو نُقطوں کو خطِّ مستقیم سے مِلانا ؛ مِلاپ کرانا ؛ داخِل ہونا ؛ ممبر بننا ؛ اکٹھا کرنا ؛ گانٹھنا ؛ سانٹھنا ؛ ہاتھ سے ہاتھ ملانا ؛ مُتفِق کرنا ؛ چپکانا ؛ شامل کرنا ؛ وصل کرنا ؛ پیوستہ کرنا ؛ رشتہ جوڑنا ؛ مربوط کرنا ؛ سمبندھ کرنا ۔ (فعل لازم) مِلنا ؛ مُتّحِد ہونا ؛ شریک ہونا ؛ کسی کے ساتھ آ ملنا ؛ (کلب وغیرہ کا) رُکن بننا ؛ (ایک دریا) کا دُوسرے میں گرنا یا ملنا ؛ حاضر ہونا ؛ شامل ہونا ؛ پیوند ہونا ؛ گٹھنا ؛ مُتفِق ہونا ؛ اکٹھا ہونا ؛ رِشتہ جُڑنا ؛ مربوط ہونا ۔ (اسم) نُقطۂ اِتصال ؛ مقامِ اِتّصال ؛ سنگم ؛ جوڑ ؛ سیون ؛ مِلاپ ؛ واصِل خطوط ؛ ملنے کی جگہ ۔

joinable, a. جوڑنے کے قابل ؛ ملانے والا ؛ ملاپ کے قابل ؛ شرکت پذیر ؛ اتّحاد پذیر ؛ مُتّحِد ہونے کے قابل ؛ شریک ہونے کے قابل ؛ نوکری پر آنے کے قابل ؛ رُکن بننے کے قابل ؛ قابل اتّصال ۔

joinder, n. جوڑنے کا عمل ۔ (قانون) اشتمال ؛ کسی مُقدمّہ میں اسباب نالش کا اشتمال ؛ کسی مقدمے کے فریقوں کا اتّحاد ؛ کسی مسئلے کے پیش کردہ عمل کی کسی فریق کی طرف سے منظوری ؛ ملاؤ ؛ جوڑ ؛ ضمیمہ ۔

joiner n. جوڑنے والا ؛ ملانے والا ؛ نجّار ؛ بڑھئی ؛ ترکھان ؛ چھوٹا موٹا لکڑی کا متفرّق کام کرنے والا ؛ کئی کلبوں اور تنظیموں کا رُکن ؛ نازُک کار ؛ چھت پاٹنے والا ۔

joinery, n. لکڑی کا کام ؛ فرنیچر ؛ نجّاری ؛ بڑھئی کا پیشہ ؛ بڑھئی کا کام ۔

joint, n. جوڑ ؛ پور ؛ مفصِل ؛ گِرہ ؛ گانٹھ ؛ مہرہ ؛ ملنے کی جگہ ؛ نقطۂ اِتّصال ۔ (تشریح الاعضا) ایک یا زیادہ ہڈیوں کا جوڑ ، مثلاً کہنی میں ۔ (حیاتیات) وہ جوڑ جو دو جسمانی حصّوں کو ملاتا ہے ، جیسے کیکڑے کے سر اور سینہ کا ملاپ ۔ (نباتیات) درخت کے تنے کا وہ حصّہ جہاں سے شاخ یا پتّا پھوٹتا ہے ؛ چُول ؛ قفل بند وغیرہ ۔ (ارضیات) چٹان کی تہوں کے متوازی دراڑ ۔ (عوامی) بدنام جگہ یا ادارہ ؛ چرس بھری سگرٹ ۔ (برطانوی) گوشت کا ٹُکڑا رَوسٹ کرنے کے لیے جیسے بھیڑ کے بچّے کی ران ۔ (صفت) مشترکہ ؛ مِلا جُلا ؛ مشترک ؛ مُتّحدہ ؛ بہ شرکت ؛ بالا شتراک (جیسے :joint savings account) ؛ شریک ؛ شامل ؛ ملا ؛ ساجھے کا ؛ مُتّحِد جیسے متحدہ قُوّت یا مُتّحدہ کوشش ۔ (قانون) مشترک ؛ ذمہ داری یا مفاد میں ایکا کیے ہوئے (جیسے : joint defendants) ۔ (حکومت) باہمی ؛ دو تین حکومتوں کے مابین مشترکہ معاہدہ (جیسے :joint peace pact) ۔ (فعل متعدی) اشتراک بنانا ؛ پارچوں میں کاٹنا (جیسے : to joint a turkey) ؛ ٹُکڑے جوڑنا ؛ چول قفلی بند وغیرہ سے جوڑنا ؛ عمارت کے جوڑوں کو گارے سے بھرنا ؛ (جوڑنے کے لیے) تختے یا ٹکڑوں کے سرے کو ریتنا ؛ عُضو یا جسم کو ٹُکڑے ٹُکڑے کرنا یا جوڑ پر سے کاٹنا ؛ مِلانا ؛

ہوا جوڑ ؛ پتھّر یا دھات کے ٹُکڑوں سے قائم شدہ جوڑ ؛ ایسے جوڑ میں استعمال ہونے والا پتھّر یا دھات کا ٹکڑا ۔

joggler, n. چُول بٹھانے والا ؛ ہچکولے دینے والا ۔

jog trot, n. ہلکی دُلکی (گھوڑے کی چال) ؛ نپی تلی رفتار جس میں تیز رفتاری کے وقفے بھی شامل ہوں (جسمانی صحت کی برقراری کے لیے) ؛ سست چال جیسے عموماً گھوڑے کی ؛ فرائض کی بجا آوری کے لیے روز مرہ کام کی آہستہ رفتار جس پر وہ قائم رہے ۔

jog-trot, a. یکسانیت والی ؛ آسانی والی ؛ اُکتا دینے والی ۔

john, n. (عوامی) غُسل خانہ ؛ ٹائلٹ ؛ بیتُ الخلا ۔

John Barleycorn, n. جان بارلے کارن ؛ جو یا مکئی کی شراب کی مزاحیہ مشخّص صورت ۔

John Birch Society, n. جان برچ انجمن / سوسائٹی ؛ اشتراکیت کا مقابلہ کرنے کے لیے ۱۹۵۸ء میں قائم کی جانے والی دائیں بازو کی ایک تنظیم ۔

John Bull, n. [جان آربتھ ناٹ کے طنزیہ کردار کی بنا پر] جان بُل ؛ انگریز ؛ انگریزی قوم اور انگلستان کی مُشخّص صورت ۔

John Bullish, a. انگریزوں والی ؛ انگریزی جیسی ؛ انگریزی انداز والی ۔

John Bulishness, n. انگریزوں کی خصوصیت ؛ انگریزی قوم کا خُصُوصی مزاج ۔

John Bullism, n. انگریزیت ؛ انگریزی قومیت ۔

John Doe, n. فلاں ؛ قانونی کارروائی میں مستعمل بے نام ، غیر شناسا یا عام آدمی کے لیے استعمال ہونے والا نام ۔

John Hancock, n. (بول چال) کسی کے دستخط ؛ اعلان آزادی پر جان ہنکاک کے غیر معمولی لمبے اور واضح دستخط ؛ جان ہنکاک ۔

John Henry, n. (بول چال) کسی کے دستخط ؛ جان ہنری ۔

Johnny, n. (امریکی ، برطانوی بول چال) جوان ؛ یار ؛ آدمی ؛ شخص ؛ ساتھی ؛ چھیلا ۔ (چھوٹے‌ز‌سے) (بول چال) جانی (ہسپتال میں مریضوں کے پہننے کا بغیر کالر کے چھوٹا گاؤن) ۔

johnnycake, n. جانی کیک ؛ گیہوں یا مکئی کا کیک (یا روٹی) جو مکئی کے آٹے ، نمک ، پانی ، چربی اور انڈے سے اُتھلی گول رکابی میں بنایا جاتا ہے ۔

Johnny-jump-up, n. جانی جمپ اپ ؛ جنگلی بنزی ؛ موسم بہار میں کِھلنے والے امریکا کے بنفشی پُھولوں میں سے کوئی ایک پھول ۔

Johnny-on-the-spot, n. (بول چال) ہمہ وقت حاضر شخص ؛ وہ شخص جو ہر وقت مدد اور کام کے لیے حاضر ہو ۔

Johnny Reb, n. (بول چال) امریکی خانہ جنگی کا باغی فوجی ؛ جانی ریب ۔

Johnsonese, n. اسلُوبِ جانسن ؛ مشہور ادیب ، نقّاد اور لُغت داں ڈاکٹر سیموئل جانسن کا ادبی اسلُوب جس میں شِکوہِ الفاظ اور لاطینی لفظیات کا کثرت سے استعمال ہوتا ہے ؛ پُرشکوہ اور فکر انگیز اسلُوب یا طرز ؛ اسلوبِ جلیل ۔

گره باندھنا ؛ گره لگانا ؛ گره دار بنانا ؛ گره دار کرنا ؛ جوڑ جوڑ الگ کرنا ؛ گٹھیلا بنانا ؛ جوڑ دار کرنا ۔ (فعل لازم) جوڑوں سے مل جانا ؛ مُتحِد ہونا ۔

out of joint, کندھے کی ہڈّی کی طرح جوڑ نکلے ہوئے ؛ افراتفری ؛ بدامنی ؛ بدنظمی کے متعلّق ۔

jointed, a. مُشترکہ ؛ اشتراک کیے ہوئے ؛ ملاجلا ؛ بارچے کیے ہُوئے ؛ جوڑوں سے کاٹے ہوئے ٹُکڑے ؛ مفصل دار ؛ گره دار ؛ گٹھیلا ؛ جوڑ دار ۔

jointedly, adv. اشتراک سے ؛ اتّحاد سے ۔

jointedness, n. اتّحاد ؛ اِشتراک ؛ مِلاپ ۔

jointer, n. جوڑنے والا ؛ کرنی ؛ (جوڑنے کے لیے) راج کا گارا بھرنے کا آلہ ؛ ٹُکڑوں کو جوڑنے والا ؛ مُسطّح تخت وغیرہ ؛ جوڑنے والی مشین یا آلہ ؛ بجلی کے تاروں کو جوڑنے والا کاریگر ۔

jointly, adv. اشتراک سے ؛ اِتّحاد سے ؛ مشترکہ طور پر ؛ مِل کر ؛ اکٹھا ؛ باہم ؛ ساجھے میں ؛ شامل ہو کر ؛ ایک ساتھ ؛ ایک ہو کر ؛ جُڑ کر ؛ بالا شتراک ؛ مِل جُل کر ؛ شرکت میں ۔

joint resolution, n. مشترکہ قرار داد ؛ مشترکہ ریزولیوشن ؛ وہ قرار داد جس کی منظوری مُقنّنہ کے دونوں ایوان دیتے ہیں اور جو سربراہِ مُملکت کے دستخطوں کے بعد قانون بن جاتا ہے ۔

jointress, n. وارثۂ جائیداد شوہر ؛وہ عورت جس کے نام خاوند نے کوئی جائیداد لکھّی ہو اور جو خاوند کی موت کے بعد اسے ملے ؛ وثیقۂ زوج کی مُستحِق یا مالک عورت ؛ مستحقِ تملیک عورت ۔

joint return, n. مشترکہ گوشوارہ ؛ میاں بیوی کے انکم ٹیکس کا مشترکہ گوشوارہ ، جس کے مجموعہ کے لیے دونوں انفرادی طور پر ذمّہ دار ہوں ۔

joint stock, n. (بازار حصص) مشترکہ سرمایہ ؛ سرمایۂ مشترکہ ۔

joint stock company, n. (بازار حصص) مشترکہ سرمایہ کمپنی ؛ افراد کی غیر اجتماعی انجمن جو مشترکہ طور پر کسی کاروبار کے لیے سرمایہ آپس میں اکٹھا کرتے ہیں ؛ اس کے حصص وہ ایک دوسرے کی منظوری کے بغیر منتقل کر سکتے ہیں ؛ حصّے داروں کی جماعت ۔

joint tenancy, n. جائیداد کی مشترکہ ملکیّت ؛ دو یا دو سے زیادہ اشخاص کی جائیداد کی مشترکہ ملکیّت جو ایک مالک کی موت کی صورت میں پسماندہ مالک یا مالکوں کو منتقل ہو جاتی ہے ۔

jointure, n. (قانون) وثیقۂ زوج ؛ استری دھن ؛ وہ جائیداد جو خاوند بیوی کے نام لِکھ دے جس سے وہ خاوند کی وفات کے بعد تاحیات مُتمتّع ہوتی ہے ؛جائیدادِ مہر ؛ تملیک بحقّ زوجہ بہ اِیفائے مہر ۔ (فعل متعدی) بیوی کے نام وثیقہ لکھنا ۔

jointure of command, n. بحری ، برّی فوج کا اشتراکِ کمان ، جب بحری فوج کے دستے برّی فوج کی کمان میں زمین پر کارروائی کے لیے دیے جاتے ہیں ،اسوقت یہ مشترکہ کمان وجود میں آتی ہے ۔

jointworm, n. کِرم کدُّو ؛ کِرمِ گندم ؛ بعض مُضِر کیڑوں کا پہل رُوپ ، جو اناج کے ڈنٹھل کی گانٹھوں پر پلتا ہے ۔

joist, n. (عمارتی کاروبار) افقی شہتیر ، جو ایک دیوار سے دُوسری دیوار تک متوازی طور پر ڈالے جاتے ہیں جو فرش کے تختوں اور چھت کی پٹیوں کو سنبھالتے ہیں ۔ (فعلِ متعدّی) شہتیر ڈالنا ۔

joke, n. مذاق ؛ لطِیفہ ؛ ٹھٹھول ؛ مضحک واقِعہ ؛ دِل لگی ؛ ہنسی کی بات ؛ غیر اہم بات ؛ معمولی بات ؛ ٹھٹھا ؛ کھِلّی ؛ ہنسی ۔ (فعل لازم) مذاق ہونا ؛ دل لگی ہونا ؛ ہنسی اُڑنا ۔ (فعل متعدی) ہنسی اُڑانا ؛ مذاق اُڑانا ؛ دِل لگی میں تنگ کرنا ؛ ٹھٹھا مارنا ؛ ہنسی یا کھِلّی کرنا ؛ مذاق کرنا ؛ دِل لگی کرنا ؛ مسخرا پن کرنا ؛ چھیڑنا ؛ ہنسی کرنا ۔

practical joke, پریشان کن صورت میں ڈالنے والا عملی مذاق ؛ مضرت آمیز مذاق ۔

jokester, n. جوکر ؛ مذاق اُڑانے والا ؛ مسخرہ ۔

jokingly, adv. مذاق کرتے ہوئے ؛ ہنسی اُڑاتے ہوئے ؛ دل لگی کرتے ہوئے ؛ تماشہ کرتے ہوئے ؛ ٹھٹھول کرتے ہوئے ۔

joker, n. جوکر ؛ مسخرہ ؛ مذاق کرنے والا ؛ بنسوڑ ؛ مزاحیہ کردار ؛ وہ آدمی جو کسی کا مذاق اڑاتا ہے ؛ تاش کا فالتو پتّا جسے جوکر کہتے ہیں ۔ (عوامی) بیہودہ شخص ؛ نامعقُول آدمی ؛ غیر سنجیدہ فرد ۔ (قانون) بظاہر بے ضرر لفظ یا جُملہ یا شق جو قانونی دستاویز میں معنی اور مقصد کو بدل دیتا ہے ۔

jolly, a. خُوش ؛ مسرُور ؛ مگن ؛ مسرّت بخش ؛ خُوش مزاج ؛ ہنس مُکھ ؛ رنگیلا ؛ عیش و نشاط کا شائق ؛ رنگین مزاج ؛ شادمان ؛ محظُوظ ؛ خوش و خُرّم ؛ کسی قدر نشے میں ؛ سُرُور میں ؛ مزے میں ۔ (برطانوی بول چال) مزیدار ؛ شاندار ؛ نمایاں ۔ (متعلّق فعل) (برطانوی بول چال) بہت ہی زیادہ ؛ غیر معمولی ؛ کثرت سے ۔ (فعل لازم) دوستانہ مذاق میں شریک ہونا ۔ (فعل متعدی ، بول چال) سُرُور میں لانا ؛ نشے میں لانا ؛ عیش و نشاط میں لانا ۔

jollification, n. خوشی و مُسرّت ؛ میلہ ؛ ہنسی تماشا ؛ سُرور ؛ رنگ رلیاں ؛ بادہ نوشی ۔

jollity, n. خوشی ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ؛ قہقہے ؛ چہچہے ؛ زندہ دِلی ؛ خُوش طبعی ؛ رنگ رس ؛ مسرّت ؛ شادمانی ؛ ہنسی خوشی ۔

jolly boat, n. (جہاز رانی) جہاز کے ساتھ کی چھوٹی کشتی ؛ جولی بوٹ ؛ عمُودی کمانوں والی بارہ فُٹ لمبی چھوٹی کشتی ۔

Jolly Roger, n. جولی راجر ؛ بحری قزاقوں کا سیاہ جھنڈا جس پر سفید رنگ کی کھوپڑی اور ایک دُوسرے کو کاٹتی ہوئی ہڈّیوں کا نشان ہوتا ہے ۔

jolt, v.t. اچانک دھکّے سے ہلانا ؛ ہچکولے دینا ؛ دھچکے دینا ؛ بُری طرح ہلانا ؛ مُکّے کی ضرب لگانا (جیسے باکسنگ میں) ؛ اچانک نفسیاتی اور جذباتی طور پر پریشان کر دینا ؛ بُری طرح مداخلت کرنا یا دخل دینا ؛ جھٹکا دینا ؛ ہلانا ؛ دھکّا دینا ۔ (فعل لازم) ہچکولے کھانا ؛ جھٹکوں کے ساتھ چلنا ؛ جھٹکے لگنا ۔ (اسم) ہچکولا ؛ دھچکا ؛ اچانک صدمہ ، ضرب یا جھٹکا ؛ اچانک جذباتی یا نفسیاتی صدمہ ؛ دھکّا ؛ اس طرح پریشان ہونے کا سبب ؛ جنبش ۔

jolter, n. ہچکولے دینے والا ؛ جھٹکا دینے والا ؛ مُکّہ بازی میں اچانک مُکّے کی ضرب لگانے والا ۔

jolty, a. دھچکے دینے والا ؛ جھٹکے دینے والا ؛ ہچکولے دینے والا ۔

joltingly, adv. دھچکے دیتے ہوئے ؛ جھٹکے دیتے ہوئے ؛ ہچکولے دیتے ہوئے ۔

Jonah, n. [حضرت یونُس علیہ السّلام کے نام پر] کوئی شخص یا چیز جسے منحوس خیال کیا جائے ؛ منحوس آدمی ؛ وہ شخص جسے منحوس سمجھ کر دیوتاؤں پر قربان کر دیا جائے ۔

jongleur, n. (قُرون وسطیٰ کی تاریخ) خانہ بدوش گویّا ؛ شاعر ؛ جہاں گرد ؛ بھاٹ ۔

jonquil, n. گل عنبرین ؛ نرگس کی قسم کا پودا جو آبی نرگس (ڈیفوڈِل) سے ملتا جلتا ہے ، یہ لمبے پتّوں اور سفید زَرد خوشبو دار پُھولوں والا ہوتا ہے ؛ ہلکا زرد رنگ ۔

Jonsonian, a. [انگریز ڈراما نگار و شاعر بن جانسن (۱۵۷۳ء ـ ۱۶۳۷ء) کی نسبت سے] جانسنی ؛ بن جانسن یا اس کی تحریروں کے حوالے سے ۔

Jordan almond, n. بادام مُنقّیٰ ؛ نفیس بڑا بادام جو ملاغہ (اسپین) سے آتا ہے ، یہ بادام عام طور پر شکر لگا کر بطورِ مٹھائی استعمال ہوتا ہے ۔

jorum, n. قَدح ؛ جام ؛ شراب یا شربت کا بڑا پیمانہ ؛ قدح بھر شراب (خصوصاً punch) ۔ (بول چال) بڑا پیالہ ؛ جامِ مے ؛ شراب پینے کا بڑا پیالہ ؛ پیالہ بھر چیز ۔

joseph, n. [حضرت یوسف علیہ اسلام کے لبادے کے نام پر] جوزفی ؛ لمبا کوٹ یا لبادہ جو اٹھارویں صدی میں یورپ کی گُھڑ سوار عورتیں یا مُسافر پہنتے تھے ۔

Joseph's-coat, n. جوزف کوٹ ؛ لبادۂ یوسف ؛ خرفہ کے خاندان کا ایک پودا ، جو متنوع سُرخ رنگ کے پتّوں کے لیے اگایا جاتا ہے اور بالخصوص دریچی گملوں اور پود گھروں میں استعمال ہوتا ہے ۔

josh, v.t. (عوامی) فِقرہ بازی کرنا ؛ تنگ کرنے کے لیے مذاق کرنا ۔ (فعل لازم) (عوامی) فقرہ بازی میں شامل ہونا ۔ (اسم ، عوامی) اچھی نیّت پر مبنی فقرہ بازی یا مذاق ۔

josher, n. فقرہ باز ؛ مذاق کرنے والا ۔

Joshuatree, n. شجرِ یُوشع ؛ جنوب مغربی امریکا کا ایک چھوٹے قد کا درخت جس پر چھوٹے پتّے اور سبز سفید پُھولوں کے گُچھّے لگتے ہیں ۔

joss, n. لُعبت چین ؛ چین کا بت ؛ چین کی گُڑیا ؛ چینی مورت ۔

joss stick, n. چینی اگربتی ؛ اگر کی قسم کی چینی بتی جو خوشبو کے لیے عبادت کے وقت جلائی جاتی ہے ۔

jostle, justle, v.t. دھکّا دینا ؛ دھکّے مارنا ؛ کُہنی مارنا ؛ دھکّے دے کر ہٹا دینا ؛ چھینا جھپٹی کرنا ؛ دَھکم دھکّا کرنا ۔ (فعل لازم) ٹکرانا ؛ دھکّا کھانا ؛ چھینا جھپٹی ہونا ؛ (کسی چیز کو لینے کے لیے) دھکّم دَھکّا ہونا (with یا against کے ساتھ مستعمل ہے) ۔ (اسم) دھکّم دھکّا ؛ چھینا جھپٹی ؛ ٹکراؤ ؛ ٹکر ؛ صدمہ ؛ کہنی مارنے کا فعل ۔

jostlement, n. دھکّم دُھکّا ؛ چھینا جھپٹی ؛ ٹکراؤ ؛ صدمہ ؛ ٹکر ؛ دَھکّا ۔

jostler, n. دَھکّے مارنے والا ؛ چھینا جھپٹی کرنے والا ؛ ٹکر مارنے والا ؛ کہنی مارنے والا ۔

jot, n. ذرّہ ؛ خفیف سی مِقدار ؛ نُقطہ ؛ تھوڑا سا ؛ کن ؛ ریزہ ؛ تِل ؛ رائی کا دانہ ؛ کنی ۔ (فعل متعدی) جلدی جلدی یا اختصار سے لکھنا ، جیسے کسی ڈائری یا یادداشت والی کتاب میں ؛ یاد داشت تیّار کرنا ؛ یادداشت لِکھنا ؛ ٹانکنا ؛ قلمبند کر لینا ۔

jotting, n. یاد داشت ؛ تحریر ؛ لِکھائی ؛ ٹانکنے کا فعل یا عمل ۔

joule, n. [برطانوی طبیعیات دان پی جاؤل ۱۸۱۹ـ۱۸۸۹ء کے نام پر] (طبیعیات) جاؤل ؛ جُول ؛ توانائی یا کام کی وہ مقدار جو میٹر کلوگرام سیکنڈوں کی اکائی کی شکل میں اس توانائی کے برابر ہو جو ایک نیوٹن قُوّت کو ایک میٹر کے فاصلہ تک صَرف کرنے کے لیے درکار ہوتی ہے اور جو اصل میں دس ملین ارگ (erg) کے برابر ہے ۔

jounce, v i , v.t. اُچھلنا ؛ دَھکّا لگنا ؛ ٹکرانا ؛ دھکا کھانا ؛ ٹکر کھانا ؛ گدا کھا کر اُچھلنا ؛ دھکا دینا ؛ اُوپر نیچے شِدت سے حرکت کرنا ۔ (اسم) دَھچکا ؛ ہچکولا ؛ ٹکر ۔

journal, n. روزنامچہ ؛ روزانہ حِساب کتاب کا بہی کھاتہ ؛کچّا چِٹھا ؛ روزنامہ ؛ روزانہ اخبار ؛ کوئی موقت الشیوع اخبار ، رسالہ یا جریدہ ۔ (جہاز رانی) وہ رجسٹر جس میں روزانہ کے راستے اور فاصلے درج ہوں ، ہوا اور موسمیات کا ذکر ہو نیز دیگر حوالہ جات ہوں ؛ جہاز کا روزنامچہ ؛ روزانہ واقعات کا رجسٹر ۔ (مشین) شہتیر یا دُھرے کا وہ حصہ جو سہارے پر قائم ہو اور بیرنگ میں حرکت کرے ؛ سرچُول ۔

journal box, n. (مشین) سرچول خانہ ؛ وہ چول جو دُھرے اور کمانی کے گرد ہو ۔

journalese, n. اخباری زبان ؛ سنسنی خیز فرسُودہ جملہ بازی سے مملو اظہارِ بیان ؛ صحافتی زبان ؛ وقتی تحریر ۔

journalism, n. اخبار نویسی ؛ صحافت ؛ نامہ نگاری ؛ اخبار کا پیشہ جس میں خبرنگاری ، اشاعت ، ادارت اور تحریر شامل ہیں ؛ تعلیمی شُعبہ جس میں اِبلاغِ عامہ کی ذمّہ داری شامل ہے ؛ وہ انداز تحریر جس میں مثالی انداز کی معروضیت پائی جاتی ہے ، لیکن بعض اوقات موجودہ عوامی ذوق کی تسکین ملحوظ ہوتی ہے؛ رپورتاژ؛ رُو داد ۔

journalist, n. صحافی ؛ اخبار نویس ؛ نامہ نگار ؛ صحیفہ نگار ؛ روزنامچہ نویس ۔

journalistic, a. اخبار نویسی کا ؛ صحافتی ؛ صحافت کا ؛ نامہ نگاری کا ۔

journalistically, adv. اخبار نویسی کے انداز میں ؛ صحافت کے طور پر ۔

journalize, v.t. کھتیانا ؛ روز کے حساب کتاب میں درج کرنا ؛ کھاتے میں لِکھنا ؛ روزنامچہ لِکھنا ؛ روزنامچے میں درج کرنا ؛ اندراج روزنامچہ کرنا ؛ اخبار میں لکھنا ؛ روزنامچے میں مندرج کرنا ۔

journalizer, n. روزنامچہ نویس ۔

journey, n. سفر ؛ خُشکی کا سفر ؛ منزل ؛ سفر میں طے کیا ہوا فاصلہ یا وقت ؛ دورہ ؛ سیر و سفر ؛ سیاحت ؛ مُہم ۔ (فعل لازم و مُتعدّی) سفر کرنا ؛ فاصلے کا طے ہونا ؛ چلنا ؛ محوِ سفر ہونا ؛ گُھومنا پھرنا ۔

journeyman, n. مزدور ؛ نوکار ؛ ہُنر مند کاریگر جس نے اپنی نوآموزی مکمّل کر لی ہو ؛ کاریگر ؛ اجیر ؛ مستری جو دُوسرے کی دُکان پر اجرت پر کام کرتا ہو ؛ دہاڑی یا روزینہ داری پر کام کرنے والا ؛ کمیرا ؛ کارندہ ؛ مزدوری پیشہ ؛ اجرتی ملازم ؛ دہاڑی دار ۔

journeywork, n. اُجرت کا کام ؛ بھاڑے کا کام ؛ کوئی روزمرہ کا کام ؛ ٹھیکے کا کام ؛ دہاڑی پر کام ۔

joust, n. جُھوٹی لڑائی ؛ جوسٹ ؛ زرہ بکتر پہنے دو اسپ سواروں میں نیزے بازی کا مقابلہ ؛ جنگ زرگری ؛ ٹورنامنٹ میں ایسا مقابلہ ۔ (فعل لازم) نیزہ بازی کے مقابلے میں حصّہ لینا ؛ دو اسپ سواروں کا نیزوں سے لڑنا ۔

jouster, n. اسپ سوار ؛ نیزہ بازی کا مقابلہ کرنے والا ۔

Jove, n. رومیوں کا سب سے بڑا دیوتا ؛ مشتری ؛ برجیس ؛ جیوپیٹر (دیوتا) ۔

by Jove, فجائیہ ؛ حیرت و استعجاب یا تاکید کا اظہار جیسے واہ ! حیرت ہے ۔

jovial, a. ہنس مُکھ ؛ خُوش مزاج ؛ خندہ پیشانی والا ؛ رنگین مزاج ؛ رنگیلا ؛ عیش و نشاط کا شائق ؛ خُوش ؛ مسرُور ؛ زندہ دل ۔ (بڑے J سے) مشتری کا یا اس کے حوالے سے ۔

joviality, jovialness, n. خوش مزاجی ؛ رنگین مزاجی ؛ رنگیلا پن ؛ شوقِ عیش و نشاط ؛ خندہ پیشانی ؛ مزاح ؛ زندہ دِلی ؛ خوشی ؛ شادمانی ۔

jovially, adv. خُوش مزاجی سے ؛ خندہ پیشانی سے ؛ ہنسی خوشی سے ۔

jowl, n. خَد ؛ جبڑا بالخصوص نچلا جبڑا ؛ غبغب ؛ جبڑے کی ہڈّی ؛ گال ؛ رُخسار ؛ کلاّ ؛ گوشت جو گردن یا گلے سے لٹکتا ہے ؛ بیلوں وغیرہ کے گلے سے لٹکنے والا گوشت ؛ غبغبِ گاؤ ؛ غبغبہ ؛ (پرندوں) کا پوٹا ؛ کنٹھہ ؛ بڑی مچھلی کا سر اور گلپھڑے ۔

jowled, jowly, a. جبڑے کے متعلق ؛ جبڑے سے ؛ گلپھڑے والا ؛ گلے کے گوشت سے متعلّق ؛ غبغبہ دار ۔

joy, n. خُوشی ؛ مُسرّت ؛ شادمانی ؛ سُرُور ؛ انبساط ؛ باعثِ مسرّت ؛ مایۂ شادمانی ؛ خُرمی ؛ فرحت ؛ عیش ؛ خوشی کی چہل پہل ۔ (فعل لازم) خُوش ہونا ؛ مسرور ہونا ؛ شادمان ہونا ۔

joyance, n. (قدیم) خوشی ؛ مُسرّت ؛ شادمانی ؛ انبساط ۔

Joycean, a. آئرلینڈ کے ناول نگار جیمز جوائس (۱۸۸۲ء ۔ ۱۹۴۱ء) کے حوالے سے یا اس کی تحریروں کے متعلّق ۔ (اسم) جیمز جوائس کی تحریریں ۔

joyful, a. خُوش ؛ مُسرّت بخش ؛ شادمان ؛ پُرانبساط ؛ پُرمسرّت ؛ کیف آور ؛ مگن ؛ خُرّم ؛ محظوظ ؛ باغ باغ ۔

joyfully, adv. خُوشی سے ؛ مسرت سے ؛ شادمانی سے ؛ بہ خُوشنُودی ۔

joyfulness, n. خُوشی ؛ مسرّت ؛ شادمانی ؛ انبساط ؛ خوش وقتی ۔

joyless, a. بے لُطف ؛ بے مزا ؛ بے کیف ؛ خُوشی سے خالی ؛ پھیکا ؛ اداس ؛ ناخوش ؛ ناشاد ؛ غمگین ؛ رنجیدہ ۔

joylessly, adv. بے لطفی سے ؛ ناخوشی سے ؛ بے کیفی سے ؛ بدمزگی سے ۔

joylessness, n. بے لُطفی ؛ ناخُوشی ؛ بے کیفی ؛ بدمزگی ۔

joyous, a. خُوش ؛ پرمُسرّت ؛ پُرلطف ؛ پُرانبساط ؛ زندہ دِل ؛ پُرکیف ؛ شاداں و فرحاں ؛ مگن ؛ خُرم ۔

joyously, adv. خُوشی سے ؛ پرمسرّت طور پر ؛ مسرّت سے ؛ شادمانی سے ۔

joyousness, n. لطف ؛ مسرت ؛ خوشی ؛ انبساط ؛ کیف و سرور ؛ زندہ دِلی ؛ بہجت ؛ شادمانی ۔

joy ride, n. (بول چال) پرلُطف سواری ؛ مسرت انگیز سواری ؛ کسی گاڑی کی تفریحی سواری ، بالخصوص جب لاپروائی سے اور مالِک کی اجازت کے بغیر کار چلائی جائے ؛ ایسی خوشی و مسرت ، ایسا ہی کوئی چھوٹا ، جوش دلانے والا پرخطر واقعہ ۔

joyrider, n. مسرُور سوار ؛ خوشی و مسرت کے لیے گاڑی چلانے والا ؛ مالک کی کار کو بلا اجازت تفریح کے طو ر پر چلانے والا ۔

joy riding, n. سواری کی لطف انگیزی ؛ گاڑی کی خُوش کُن سواری ؛ مالک کی اجازت کے بغیر لاپروائی سے کار چلا کر پرلُطف سیر ۔

joy stick, n. (۱) (بول چال) طیّارے کے لیے کنٹرول لیور ۔ (۲) ایک آلہ جس کے ذریعے وڈیو کھیل دکھائے جاتے ہیں ۔

juba, n. جُوبا ؛ حبشی رقص ؛ امریکا کی جنوبی ریاستوں میں حبشیوں کا ایک پرمسرّت تالی ناچ جو فصل بوائی کے موقع پر کیا جاتا ہے ۔

jubbah, n. جُبہ ؛ چُوغہ ؛ عبا ؛ جامہ ؛ آستین والا ڈھیلا ڈھالا لباس جِسے اسلامی ممالک میں مرد اور خواتین لباس کے اوپر پہنتے ہیں ۔

jube, n. (فن تعمیر) جوبی ؛ چرچ کی قربان گاہ یا سماعت گاہ کے بالا خانے میں حضرت مسیح کی تصویر کے اُوپر بنی ہوئی صلیب مسیح ۔

jubilant, a. خوشیاں منانے والا ؛ بغلیں بجانے والا ؛ فتح کے شادیانے بجانے والا؛ کامیاب؛ خوش و خُرم؛ مگن ؛ شاداں ؛ باغ باغ ؛ خوش ۔

jubilance, jubilancy, n. اظہار خوشی و مسرّت ؛ بغلیں بجانے کی کیفیت ۔

jubilantly, adv. بغلیں بجاتے ہوئے ؛ خوشی مناتے ہوئے ؛ اظہار مسرت کے ساتھ ۔

jubilation, n. خُوشی ؛ مسرّت ؛ بغلیں بجانے کا عمل ؛ فتح و کامرانی ؛ پُرمسرّت تیوہار یا جشن ؛ انِبساط ؛ شادمانی ؛ شادیانہ؛ چہل پہل؛ جشن ۔

jubilate, v.i. بغلیں بجانا ؛ خُوشی منانا ؛ جشن منانا ؛ کسی تقریب پر خُوش ہونا ؛ اظہارِ خُوشی کرنا ؛ شادیانے بجانا ؛ آنند ہونا ؛ چہل پہل ہونا ۔

jubilatory, a. خوشی و مسرّت والا ؛ شادمان ؛ پرمسرت ؛ پرلُطف ؛ فاتحانہ ۔

jubilee, n. [عبرانی : یوبل بمعنی مینڈھے کا سینگ جو سات سبت دن یا سال گزرنے پر بجایا جاتا تھا] جُوبلی ؛ کسی سالگرہ کا جشنِ مسرّت (جیسے : the 25th silver jubilee or 50th golden jubilee) ؛ کسی دور یا واقعے کے پچاس سال مکمّل ہونے پر کوئی سرگرمی یا تقریب ؛ جشن مسرّت کے لیے کوئی موسم یا موقع ؛ خوشی کی تقریب یا شادمانی کا زمانہ ۔ (رُومی کیتھولک کلیسا) مُقررّہ سال ، اب عام طور پر ہر ۲۵ واں سال جس میں گناہوں کی سزا توبہ کرنے اور

بعض شرعی اُمُور بجا لانے سے معاف ہو جاتی ہے؛ قدیم یہودیوں میں ایک جشن جو ہر پچاسویں سال منایا جاتا تھا ، اس کا اعلان ترئی بجا کر کیا جاتا تھا ، جس میں کھیتوں کو کاشت نہیں کیا جاتا تھا ، دُوسروں کی اراضی بحال کی جاتی تھی اور یہودی غُلام آزاد کیے جاتے تھے ۔

Judaism, n. یہودیت ؛ یہُودی مذہب ؛ یہودی مذہب جو عہد نامۂ عتیق اور تالمود کے ارشادات کے مطابق ہے جس میں ایک خدا پر عقیدہ اور یہُودی شریعت کی پابندی لازم آتی ہے؛ یہُودیوں کے روایتی،مذہبی اور اخلاقی عقائد و رسومات ۔

Judaic, Judaical, a. یہُودی ؛ یہُودیانہ ؛ یہُودیوں کا ؛ یہودیت سے متعلّق ۔

Judaist, n. یہُودی ؛ یہُودیوں کے عقائد رکھنے والا ؛ یہُودیت کا حامی ۔

Judaistic, a. یہُودیانہ ؛ یہُودیوں کے عقائد سے متعلق ۔

Judaize, v.i. یہُودیوں کے رسم و رواج کا پابند ہونا ؛ یہُودیوں کے طور طریقے یا رسوم اپنانا ۔ (فعل متعدی) یہودی بنانا ؛ یہودیت کے رنگ میں رنگنا ۔

Judaization, n. اِصطِباغ ؛ یہودیت ؛ یہودی بنانے کا عمل ۔

Judaizer, n. مصطبغ یہودیت ؛ یہودی بنانے والا ۔

Judas, n., a. [یہُودا اسقریوطی ، وہ حواری جس نے حضرت مسیح کا راز فاش کر دیا تھا] (مجازاً) غدار ؛ مکر سے کام لینے والا ؛ چالاک و مکّار شخص جو دوست کو بھی دھوکا دے ؛ دغا دینے والا ؛ دوستی کے نقاب میں دُشمن ؛ مار آستین ۔ (چھوٹے j سے) روزن، سوراخ ؛ روزن در ۔ نیز: judas hole, judas trap ۔

Judas tree, n. شجر ارغوان ؛ درخت ارغوان ؛ شجر یہُودا (کہتے ہیں یہ وہ درخت ہے جس سے یہودا نے لٹک کر خودکُشی کی تھی) ؛ یورپ اور ایشیا میں اُگنے والا سرخ پھُولوں کا ایک درخت ؛ Canadensis جنس کے مختلف دیگر اشجار ؛ امریکی نہال سُرخ ۔

Judean, a., n. یہودین ؛ قدیم فلسطین کے ایک خِطّے یہودہ کا یا اس سے متعلّق یا اس کا باشندہ ۔

judge, n. جج ؛ قاضی ؛ عادل ؛ حَکَم ؛ اعلیٰ حاکمِ عدالت جس کو دیوانی و فوجداری مُقدّمات کی سماعت کا اختیار ہو ؛ فیصلہ کرنے والا یا سزا دینے والا ؛ وہ مُقرّرہ شخص جو کسی لڑائی یا جھگڑے میں حَکَمُ کی حیثیّت سے فیصلہ دے ؛ تنقیدی فیصلہ سنانے کا اہل ؛ ثالث ؛ وہ انتظامی حُکّام جو حضرت یوشع کے انتقال اور طالُوت کی تخت نشینی کے درمیانی زمانے میں ہوتے تھے ؛ حاکمِ عدالت ؛ صدر عدالت ۔

judgeship, n. قضا ؛ ججی ؛ جج کا عہدہ یا مدّتِ ملازمت ؛ منصفی ۔

judge, v.t. سماعت کرنا ؛ تنقیدی نظر سے جائزہ لینا اور فیصلہ دینا، جیسے کسی عدالتی مُقدّمے کا ؛ مُقدّمہ چلانا ، سماعت کرنا یا مُقدّمے کی تحقیقات کرنا ؛ سزا تجویز کرنا ، جیسے کسی مُجرم کے لیے ؛ عدالتی طور پر یا حُکماً فیصلہ دینا یا ڈگری صادر کرنا؛ خیال قائم کرنا یا اندازہ لگانا؛ نتیجہ نکالنا، غور کرنا یا رائے رکھنا ؛ حُکومت کرنا، قدیم عبرانی قبائل کے سرداروں کی طرح ؛ طے کرنا ؛ اندازہ کرنا ؛ حُکم دینا ؛ اِنصاف کرنا؛ فیصل کرنا؛ پرکھنا ؛ جانچنا ۔ (فعل لازم) مُنصف ہونا ؛ فیصل ہونا ؛ رائے یا خیال کا قائم کیا جانا ؛ ذہنی اعتبار سے فیصلہ ہونا ۔

judger, n. فیصلہ دینے والا ؛ (مُقدّمہ کی) سماعت کرنے والا ۔

judge advocate, n. (عسکری) قانُونی مشیر،خصوصاً اسٹاف افسر جو کورٹ مارشل کے سامنے مُقدّمات کی پیروی کے لیے مُقرّر کیا جائے ؛ جج ایڈووکیٹ ۔

judge advocate general, n. (عسکری) نگران قانونی افسر ۔

judgmatic, judgmatical, a. معاملہ فہم ؛ صحیح فیصلے پر پہنچنے یا صحیح فیصلہ صادر کرنے والا؛ نُکتہ رس ؛ دُور اندیشانہ ؛ مُدبّر ؛ معاملہ فہمانہ ؛ دُور اندیش ؛ عقلمندانہ ۔

judgmatically, adv. دور اندیشی سے؛ معاملہ فہمی سے؛ سوچ سمجھ کر ۔

judgment, Brit. judgement, n. فیصلہ؛ انصاف ؛ پرکھ ؛ جزا ؛ قہرِ الٰہی ؛ تنقید ؛ رائے ؛ قیاس ؛ دانست ؛ خیال ؛ قُوّتِ فیصلہ ؛ فہم ؛ بصیرت ؛ سمجھ ؛ تمیز ؛ عقلِ سلیم ؛ اِدراک ؛ شُعُور ؛ حُکم ؛ جانچ ؛ انصاف کرنے کا عمل، جیسے فیصلہ کرنے یا کسی شے پر حُکم لگانے کا عمل ؛ راستی ، ہوشمندی اور ہوشیاری سے انصاف کرنے کا عمل یا اِستعداد ؛ حُسنِ شُعُور ؛ خِردمندی ؛ فہم و ادراک ؛ اندازہ لگانے اور غور کرنے کے بعد جو رائے قائم کی جائے ۔ (منطق) ذہنی اِستعداد جس سے انسان خیالات کا موازنہ کرتا ہے اور مسائل و قضایا کی تحقیق کرتا ہے ؛ اس طرح کی وضع شُدہ دانست کہ جب الفاظ کی صورت میں ظاہر ہو تو قضیہ پیدا ہو جائے ۔ (قانون) کسی مُقدّمے میں قاضی یا عدالت کی دی ہُوئی سزا ؛ ذِمّہ داری،بالخصوص قرضہ جو کسی منفی عدالتی فیصلہ سے عائد ہو ؛ مُقدّمہ کے فیصلہ کی سند جو متعہد کے حوالہ کی جائے عموماً قرض دار کو ؛ وہ مُصیبت جس کے متعلّق خیال کیا جائے کہ خُدا نے شامتِ اعمال کے طور پر مُسلّط کی ہے ؛ انسانی نسل کی آخری آزمایش ۔

judgmental, judgemental, a. فیصلہ سے متعلّق ؛ قہرِالٰہی کےبارےمیں؛ خدا کی طرف سے جزا و سزا سے متعلّق ؛ قُوّتِ فیصلہ سے متعلّق ۔

Judgment Day, n. (الٰہیات) روزِ حساب ؛ روز قیامت ؛ روز محشر ؛ آخری دن جب انسانوں کو ان کے اعمال کا حتمی فیصلہ سنایا جائے گا ؛ یومِ جزا ؛ یومِ حساب ؛ قیامت ؛ روزِ جزا ۔

judicable, a. قابل مُقدّمہ ؛ فیصلہ کیے جانے کے لائق ؛ مُقدّمہ کرنے کے قابل ؛ استغاثہ کیے جانے کے قابل ؛ قابلِ سماعت ۔

judicative, a. فیصل ؛ فیصلہ کن ؛ فیصلے کا اختیار رکھنے والا ؛

judicatory, a. مقدّمے کی سماعت کا اہل ؛ عدل گُسترانہ ۔ فیصلہ جاتی ؛ اِنصاف کرنے سے متعلّق ؛ انصاف کے نظم و ضبط سے متعلق ۔ (اسم) عدالت انصاف ؛ ججوں کی جماعت ؛ حُکام عدالت ؛ اِنصاف کرنے کے تقاضے ؛ عدالت ؛ کچہری ۔

judicature, n. نظامِ قضا ؛ نظامِ عدالت ؛ نظامِ اِنصاف ؛ عدل گُستری کا اختیار ؛ عدالتی طریقہ ہائے کار ؛ عدالت؛ مجموعی طور پر قضاۃ اور عدالتیں ؛ عدلیہ ؛ محکمۂ عدالت ؛ کچہری ؛ دارالقضا ؛ نظمِ انصاف ۔

judicial, a. عدالتی ؛ عدالت کا ؛ متعلّق بہ عدالت ؛ جج کا ؛ جج کے شایان شان ؛ تنقیدی ؛ مُنصفانہ ؛ بلا رُو رعایت ؛ اِنصافی ؛ عدل گستر ؛ شرع کے موافق ؛ عدالتی نظم و نسق سے متعلّق ؛ عدالت ہائے انصاف یا ججوں سے متعلّق ؛ عدالت کی طرف سے صادر شدہ(ڈگری)؛ جج کے نظریے کے مطابق ؛ تنقیدی اور غیر جانبدار رُجحان رکھنے والا ؛ تعیُّن یا انصاف کرنے والا ؛ کسی فیصلے میں شریک ۔ (الہیات) خُدائی انصاف کے حوالے سے ۔

judicially, adv. عدالتی طور پر ؛ منصفانہ طور پر ؛ جج کے شایان شان طریقے سے ؛ تنقیدی طور پر ؛ عدالتاً ؛ شرعاً ؛ عادلانہ ؛ بہ تاویلِ شرعی ؛ از راہِ عدالت ۔

judiciary, a. عدالتی ؛ قانُونی عدالتوں کے فیصلوں کے حوالے سے ؛ قانُونی عدالتوں یا جج صاحبان یا عدلیہ سے متعلّق ۔ (اسم) محکمہ عدالت و انصاف ؛ عدلیہ ؛ کسی ملک کا عدالتی نظام ؛ جج صاحبان بحثیت اجتماعی ؛ نظام عدالت ۔ نیز برطانوی Judicature۔

judicious, a. صحیح فیصلے کے استعمال کے متعلّق ؛ سمجھ دار ؛ دُوربین ؛ نُکتہ رس ؛ معاملہ فہم ؛ سوچ سمجھ کر کام کرنے والا ؛ مُدبّر ؛ عاقِل ؛ عقلمند ؛ دانشمند ؛ دانا ؛ دانِشور ؛ صاحبِ شُعُور ؛ صاحبِ تمیز ؛ مبنی بر انصاف ۔

judiciously, adv. مُدَبّرانہ ؛ سوچ سمجھ کر ؛ عاقلانہ؛ فہیمانہ ؛ عقل سے ؛ تمیز سے ؛ دانائی سے ؛ عقلمندی سے ۔

judiciousness, n. سمجھ بُوجھ ؛ فہم ؛ ادراک ؛ تدبُر ؛ دوربینی ؛ نُکتہ رَسی ؛ تعقّل ؛ دُور اندیشی ؛ شُعُور ؛ عقلمندی ؛ معاملہ فہمی ؛ دانِشمندی ؛ دانائی ۔

judo, n. جُوڈو ؛ جاپانی کُشتی ؛ خطرے سے بچاؤ کا ایک طریقہ جو جوجِسٹُو سے نکلا ہے اور اس کے مشابہ ہے ، جس میں ہتھیاروں کی بجائے جسم کی حرکات و سکنات پر بھروسا کیا جاتا ہے ؛ کُشتی کے طرز کا ایک مقبول کھیل ۔

judogi, n. جوڈو لباس ؛ جوڈو کُشتی لڑنے والے کا مخصوص ڈھیلا لباس جو جیکٹ ، پتلُون اور کپڑے کی پیٹی پر مشتمل ہوتا ہے ، پیٹی کا رنگ جوڈو کے ماہر کی درجہ بندی اور ہنر مندی کی نشان دہی کرتا ہے ۔

jug, n. جگ ؛ صُراحی ؛ قرابہ ؛ مائع اشیا کے لیے مختلف شکلوں کا برتن جو عُموماً دستے دار ہوتا ہے اور اس میں اکثر دھار بہنے کی جگہ اور اُوپر ڈھکن لگا ہوتا ہے ؛ گہرا برتن عُموماً مٹّی کا جس میں دستہ لگا ہوتا ہے اور ڈاٹ سے بند ہونے والا تنگ مُنھ ہوتا ہے ؛ اس طرح کے ظرف کی اندر کی چیز ۔ (عوامی) قید خانہ ؛ جیل ۔ (فعل مُتعدّی) جگ میں ڈالنا؛ جگ میں پکانا ۔ (عوامی) قید کرنا ؛ جیل میں ڈالنا ۔

jugful, n. جگ بھر ؛ صُراحی بھر ، جگ کو بھرنے کی کافی مقدار۔

jugal, a. (تشریح الاعضا) جوغل ؛ عَظمِ وجنی یا رُخسار کی محرابی ہڈّی سے متعلّق ؛ مقرانی ؛ یُوغی ؛ زواجی۔

jugate, a. (نباتیات) جُفت برگچہ ؛ جُڑ پتّیا ؛ مُرکّب پتّوں والا ۔ (حیاتیات) جُڑواں ؛ توام ۔

jugged hare, n. مٹی کے برتن میں دَم پخت خرگوش کا قلیہ ۔

juggernaut, n. [ہندی : جگن ناتھ (سردار عالم) سے] کوئی غالب اور خطرناک طاقت؛ اندھی عقیدت یا خوفناک قربانی طلب کرنے والی کوئی ریت ، رسم یا رواج ۔ (بڑے J کے ساتھ) ہندُو دیوتا وِشنو کی تجسیم جس کے رتھ میں رکّھے ہوئے بت کے سامنے عقیدت مند اپنے آپ کو گرا کر اور پہیّوں کے نیچے لا کر ہلاک کر دیا کرتے تھے ۔

juggle, v.i. شُعبدہ باز ہونا یا جسمانی کرتب کا دکھانا ؛ گیندوں ، پلیٹوں یا چاقوؤں کو بیک وقت یکے بعد دیگرے فضا میں بغیر زمین پر گرائے اُچھالے رکھنا ؛ دھوکا دے کر لے لینا ؛ دھوکے سے کوئی چیز اُڑا لینا ؛ چالاکی سے کوئی چیز ہٹا دینا یا رکھ دینا ۔ (فعل متعدی) شُعبدہ دکھانا ؛ چالاکی کرنا ؛ کئی گیندوں ، پلیٹوں یا چاقوؤں کو اُوپر نیچے اُچھالنا ؛ ڈِھٹ بندی کرنا ؛ نظر بندی کرنا ؛ چھل بٹّا کرنا ؛ شُعبدہ بازی کرنا ؛ ہاتھ کی صفائی دکھانا (جیسے : to juggle accounts) ؛ تماشا کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ چَھلنا؛ ٹھگنا ؛ آنکھوں میں دُھول ڈالنا ؛ ہیر پھیر کر کے دھوکا دینا ۔ (اسم) شُعبدہ بازی ؛ چالاکی ؛ فریب ؛ دھوکا؛ بازی گری ؛ ڈِھٹ بندی ؛ نظر بندی ؛ چَھل بل ؛ شُعبدہ ؛ چھل ؛ فریب کاری ۔

juggler, n. بازیگر؛ شُعبدہ باز ؛ مداری ، گیندوں اور چاقوؤں کا کھیل دکھانے والا ؛ چالاکی سے دھوکا دینے والا ؛ چالاک ؛ نظر بندی کرنے والا ؛ بُتّے باز ؛ تماشا گر۔

jugglery, n. بازیگری ؛ شُعبدہ بازی ؛ عیّار پن ؛ مداری پن ؛ عیّاری ؛ نظر بندی ؛ فریب ۔

juglandaceous, a. اخروٹیہ ؛ جَوزیہ ؛ اخروٹ کے درختوں سے متعلّق ، جن کے پتّے پرت دار اور پھل گری دار ہوتے ہیں ۔

Jugoslav, Jugoslavic, a. یوگو سلاف ؛ یوگو سلاوی ؛ یوگو سلاویا کا ۔ (اسم) یوگو سلاویا کا پیدایشی/باشندہ؛ یوگوسلاویا کا رہنے والا ۔

jugular, a. (تشریح الاعضا) وِداجی ؛ گردن یا حلق کا یا اس سے متعلّق ؛ گردن کی بعض رگوں کے بارے میں ۔ (سمکیات) مچھلی کے حلقوم پر صدری کھپروں سے پہلے شکمی کھپرے ؛ گلے کے بطنی کھپرے ۔ (اسم) گلے کی دو بڑی وریدوں میں سے کوئی ایک ، جو گردن ، چہرے اور دماغ سے خون دل کو واپس پہنچاتی ہے ؛ شاہرگ ؛ حبلُ الورید ؛ رگِ گردن ؛ وداج ۔

jugulate, v.t. انتہائی قدم اٹھا کر کسی بیماری یا ایسی ہی کسی تکلیف کو روکنا ؛ گلہ کاٹنا ؛ مارنا ؛ ہلاک کرنا ۔

jugulation, n. ہلاکت ؛ زبردست اقدام سے کسی مرض کو روکنے کا عمل ۔

jugum, n. (حشریات) جَوغم ؛ ورقینہ ؛ کسی کیڑے کے سامنے کے پر کی جڑ کا پچھلا حصّہ جو سامنے کے پروں کو پچھلے پروں کے ساتھ پرواز کے دوران بہم پیوست کر لیتا ہے ۔

juice, n. رس ؛ عَرق ؛ شِیرہ ؛ افشردہ ؛ عصارہ ؛ حیوانی اجسام ، پھلوں یا سبزیوں کا رقیق حِصّہ،خصوصاً جنھیں نچوڑا جا سکے ؛ جسم کی قُدرتی رطوبت (جیسے : digestive juices) ؛ لازمی یا ضُروری عُنصر۔ (عوامی)برق ؛انجن وغیرہ کا تیل ؛ خاص طور پر پٹرول ؛ نشہ آور شراب ۔ (فعل متعدی) رس حاصل کرنا ؛ رس نچوڑنا/نکالنا ۔

juiceless, a. بے رس ؛ بے عَرق ؛ خُشک ۔

juicer, n. جُوسر ؛ پھلوں اور سبزیوں کا رس نکالنے والی مشین ؛ بجلی کا کاریگر جو ٹیلیوژن ، سینما اور اسٹیج کی روشنیاں

ڈیزائن کرتا ہے اور انھیں فنی طور پر دُرست اور مکمل رکھتا ہے ۔

juicy, a. رسیلا ؛ رس دار ؛ رس بھرا ؛ شیرے دار ؛ عَرق دار ؛ دِلچسپ ؛ لطیف ؛ رنگین ؛ خُوش ذائقہ ؛ مزے دار ؛ طراوت بخش ۔

juicily, adv. رس بھرے انداز سے ؛ دلچسپی سے ؛ شوخی سے ۔

juiciness, n. رس داریت ؛ رسیلا پن ؛ عَرق دار یا رس دار ہونے کی حالت ۔

jujitsu, jiujitsu, jiujutsu, jujutsu, n. جوجٹسو ؛ جاپانی کشتی کا فن ؛ جاپانی کُشتی کا ایسا فن جس میں جسم کی چُستی و پھرتی اور عضلاتی عمل سے واقفیت کو کام میں لا کر مخالف کو بے بس کر دیا جاتا ہے ۔

juju, n. جُو جُو ؛ مغربی افریقہ میں جادُو، ٹُونا ، منتر ؛ بے جان چیز جس کی عبادت کی جائے ؛ جادُو کا پھیر ؛ آسیب کا خلل ۔

jujuism, n. جادو ؛ آسیب ؛ ٹُونا ۔

jujube, n. عُناب ؛ سنجلی ؛ بحیرۂ رُوم کی ایک خار دار جھاڑی/چھوٹے درخت کا پھل ، جس کا تعلّق جِنس عُناب سے ہے، نیز یہ درخت ؛ میٹھی گولی جس کو عُناب کی مہک دی گئی ہو ؛ کھانسی کی ٹکیا جو ذائقے اور شکل میں عُناب جیسی ہو ۔

jukebox, n. ژوک بکس ؛ جُوک بکس ؛ سِکّہ ڈالنے سے چلنے والا خودکار ریکارڈ پلیئر جو خُوبصورت چمکدار بکس میں بند ہوتا ہے اور بٹن دبانے سے ریکارڈ کا انتخاب کرتا ہے ۔

juke joint, n. (عوامی) جوک سرائے ؛ سرائے راہگزر ؛ سرراہ ایسی سرائے یا تفریح گاہ جو جُوک بکس کے گانوں کے ساتھ ساتھ کھانا، مشروبات اور رقص مہیّا کرتی ہو ۔

julep, mint julep, n. [فارسی : گلاب، معرّب : جلاب سے] ایک میٹھا مشروب ۔ (ادویہ سازی) میٹھا شربت، جو کسی دوا کے بدرقہ کے طور پر استعمال ہو ؛ بوربن وِسکی، قند، چورا برف اور پودینے کا آمیزہ ؛ شربت مُفرّح ؛ شربتِ گُلاب ۔

Julian, a. [قیصر رُوم جولیئس سیزر (۱۰۰ ق م تا ۴۴ ق م) کے نام پر] جولیئس سیزر سے متعلّق یا اس سے ماخوذ ؛ جولئین ؛ قیصری ۔

Julian Calendar, n. جُولینی تقویم ؛ وہ کیلنڈر جسے جولیئس سیزر نے ۴۶ قبل از مسیح متعارف کرایا جو نظرِثانی کے بعد گریگورین کیلنڈر کہلایا ؛ تقویمِ قیصری ۔

julienne, a. ژولین ؛ پتلی قاشوں کی صُورت میں کاٹی ہوئی (سبزیاں یا کوئی اور خوراک) ۔ (اسم) گوشت کی یخنی کے ساتھ پکایا ہُوا ترکاری کا سُوپ (شوربا) جس میں کٹی ہوئی سبزیاں شامل ہوں ۔

Juliet, n. جولیئٹ ؛ حرف تہجی 'J' کے لیے ابلاغیاتی لفظ (J برائے Juliet) ۔

July, n. جولائی ؛ شمسی سال کا ساتواں مہینہ جس میں ۳۱ دن ہوتے ہیں ؛ انگریزی ساتواں مہینہ ۔

jumble, jumbal, v.t. گڈمڈ کرنا ؛ گھال میل کرنا ؛ خلط ملط کرنا ؛ تہ و بالا کرنا ؛ ملانا ؛ مخلُوط کرنا ؛ دَرہم بَرہم کرنا ؛ اُلٹ پُلٹ کرنا ؛ ملا دینا ۔ (فعل لازم) گڈ مڈ ہونا ؛ کھلبلی پڑنا ؛ بے ترتیب ہونا ؛ اُلٹ پُلٹ ہونا ۔ (اسم) بے ترتیب مجمع یا ڈھیر ؛ انبار ؛ گڈ مڈ ؛ بے ترتیبی ؛ دَھکّم دھکّا ؛ خَلط مَلط ؛ ایک چھوٹا مدور میٹھا کیک ؛ مختلف قسم کی پتلی کُرکُری میٹھی ٹکیاں ؛ گھال میل ؛ کھلبلی ۔

jumbo, n. عظیمُ الجثہ چیز ؛ جمبُو ؛ بہت بڑا آدمی یا جانور ۔ (صفت) غیر معمولی طور پر بڑا ؛ عظیمُ الجُثّہ (جیسے : the jumbo size detergent) ۔

jumbuck, n. آسٹریلیا کی دیسی بھیڑ ؛ جمبک ۔

jump, v.i. کُودنا ؛ اُچھلنا ؛ پھلانگنا ؛ پھاند جانا ؛ زقند بھرنا ؛ جَست کرنا ؛ اُچھل پڑنا ؛ چوکڑی بھرنا ؛ جلد بازی سے یا فوراً کسی نتیجے پر پُہنچنا ؛ جھٹ سے نتیجہ نکالنا ؛ مطابقت ہونا ؛ اچانک کسی عُضلاتی کوشش سے زمین یا کسی اور سہارے سے کود کر فضا میں بلند ہونا یا زقند بھرنا ؛ زمین یا کسی دُوسرے سہارے سے چھلانگ لگا کر اپنے آپ کو کسی جانب گرا دینا یا پھلانگنا ؛ حرکت میں ہونا یا اچانک اُچھل پڑنا ؛ اعصابی تناؤ سے آغاز ہونا ؛ اچانک جھٹکے سے پھینکا جانا یا حرکت میں ہونا ؛ مقدار یا قیمت میں اچانک اضافہ ہونا ؛ فوری نتیجہ نکال لینا (جیسے : to jump to a conclusion) ۔ (تختۂ نرد) مقابل کھلاڑی کی نرد اُٹھا لینا ؛ کھیل میں منہمک ہونا ؛ جوش و قُوّت سے رواں ہونا ۔ (فعل متعدی) چھلانگ لگا کر آگے بڑھنا ؛ پھلانگنا ۔ (تختۂ نرد) مقابل کھلاڑی کی نرد اٹھا کر اپنی نرد اس کے اگلے خانے میں رکھنا ؛ زقند بھرنا یا جھپٹ کر آگے آنا ۔ (عوامی) فرار ہونا یا فرار ہو کر بچنا (جیسے : to jump bail) ؛ سوار ہونا (جیسے : jump a freight) ؛ اُلٹ جانا یا چھوڑ دینا (جیسے : A train jumps a track) ؛ جھپٹنا ؛ اچانک دبوچ لینا یا جھپٹ پڑنا ؛ غیر متوقع اور اچانک طور پر پکڑ لینا ؛ کان کَنی کے مطالبے کے طور پر ضبط کر لینا ؛ چھلانگ لگوانا یا اُوپر اٹھوانا ؛ کسی عہدے پر ترقی دینا ۔ (اسم) جست ؛ زقند ؛ چوکڑی ؛ چھلانگ ؛ زمین یا کسی اور جگہ سے اچانک عُضلاتی کوشش سے لگائی گئی پھلانگ ؛ جست لگا کر عبور شُدہ جگہ یا رُکاوٹ ؛ اعصابی تناؤ کے زیرِ اثر اچانک چل پڑنے کا عمل ؛ ایسی چالوں سے مخصوص جسمانی حالت ؛ فکر مندی یا بے چینی ؛ کسی بے جان شے کی اُوپر کی طرف یا کسی اور جانب اچانک حرکت ؛ مقدار یا قیمت میں اچانک اِضافہ ؛ سطح میں فوری تبدیلی ؛ ایک شے سے دُوسری شے میں اچانک منتقلی (رکاوٹ کو ہٹا کر) ؛ پیراشوٹ کے ذریعے اُترنے کا عمل ؛ مختصر سفر ؛ چھلانگ لگانے کا مقابلہ ۔

jump all over someone,
jump down one's throat, تنبیہہ کرنا ؛ تادیب کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ تنقید کرنا ؛ بُرا بھلا کہنا ؛ نکتہ چینی کرنا ؛ ڈانٹنا ؛ جھڑکنا ؛ ملامت کرنا ؛ دندان شکن جواب دینا ؛ سخت لہجہ میں کلام کرنا ؛ گلے پڑنا ۔

jump at, (عوامی) گرم جوشی سے بغلگیر ہونا یا کسی کو قبول کرنا ؛ فوراً راضی ہو جانا ؛ کُود پڑنا ؛ آ گرنا ؛ ایک دَم پُہنچ جانا ؛ دفعتہً جا پکڑنا ؛ ایک دم پُہنچنا ؛ فوراً فائدہ اُٹھانا ۔

jump on the bandwagon, پہلے سے کامیاب شخص یا چیز کی امداد کرنا یا اس کے ساتھ شامل ہونا ۔

jump ship, (جہاز رانی) جہاز کو ترک کرنا ؛ جہاز کا ساتھ چھوڑ دینا ۔

jump the gun, قبل از وقت شروع کرنا ۔

get the jump on, (عوامی) فائدہ حاصل کرنا یا آگے بڑھنا ۔

jumping, a. چھلانگ لگاتے ہوئے ؛ کُودتے ہوئے ؛ پھلانگتے ہوئے ؛ چڑھتی ہوئی (قیمتیں) ؛ بڑھتا ہوا ۔

jumpiness, n. جست ؛ چھلانگ ؛ پھلانگ ؛ کُود ۔

jumpy, a. اُچھلتے ہوئے ؛ کودتے ہوئے ؛ پھلانگتے ہوئے۔

jump bid, n. برج میں بڑی بولی ؛ تاش کے کھیل ، برج میں پہلی کم بولی سے بڑھ کر دی ہوئی بولی ۔

jumper, n. کُودنے والا ؛ جست خیز؛ چھلانگ لگانے والا؛ اچھلنے والا ؛ جیسے گُھڑ سوار یا برفانی گاڑی چلانے والا ؛ کدکڑ ؛ جمپر ؛ لوہے کی لمبی چھینی ، جس کی نوک فولاد کی ہوتی ہے یہ دھما کا کرنے کے لیے سوراخ بنانے کے کام آتی ہے ؛ برماله ؛ کُداله ؛ ایک قسم کی ڈھیلی صدری بالخصوص کپڑے کی ، جو بلاوز کے اُوپر پہنی جاتی ہے ۔ (برق) ٹوٹے ہوئے سرکٹ کے آر پار تار کا ایک ٹکڑا ۔ (برطانوی) آستینوں والا سویٹر ؛ جمپر ۔

jumping bean, n. (نباتیات ، حیوانیات) جست لگانے والی پھلی ، جس کا تعلق فرفیون خاندان سے ہے ، جس پر ایک طفیلی پروانے کا پہلا روپ (لاروا) پلتا ہے ، جس کی حرکات سے بیج اُچھلتا ہے ۔

jumping jack, n. پُتلی ؛ ڈھیلے ڈھالے جوڑوں والا آدمی کی شکل کا کھلونا جو چھڑیوں اور ڈوریوں سے گردش کرتا ہے ۔ (عموماً جمع) زنانہ کسرت جس میں بازوؤں کی حرکات بھی شامل ہوں ۔

jumping mouse, n. پُھدک چوہا ؛ جستی مُوش ؛ کدکڑا چُوہا ؛ چھلانگیں مارنے والا چوہا ؛ شُمالی امریکا میں پایا جانے والا چوہا جس کی کنگرو جیسی ٹانگیں اور دُم لمبی ہوتی ہے ۔

jumping-off place, n. عام راستے سے ہٹ کر دُور کی جگہ ؛ تہذیب سے کٹ کر دور دراز کی سرحدیں ؛ جہاز پر سوار ہونے کی جگہ ۔

jump-off, n. لڑائی یا دوڑ کی پُرزور ابتدا ۔

jump pass, n. (فٹ بال ، باسکٹ بال) جمپ پاس ؛ فُٹ بال یا باسکٹ بال کے کھیل میں کھلاڑی کا کُودنے کے دوران گیند دوسرے کے حوالے کرنے کا عمل ۔

jump seat, n. قابل حرکت نِشست ؛ حرکی سیٹ ؛ ٹیکسی میں فالتو نِشست جِسے حرکت میں لایا جا سکے یا تہ کیا جا سکے ۔

jump shot, n. (باسکٹ بال) کُود نشانہ ؛ باسکٹ بال کے کھیل میں گیند کا عین ٹوکری میں ڈالنے کا ایسا نشانہ جِسے کھلاڑی اپنی چھلانگ کی انتہائی بلندی پر آ کر لگاتا ہے ۔

jump suit, n. جستی لباس ؛ پیراشوٹ سے چھلانگ لگانے کا یک پارچہ لباس ؛ زنانہ لباس میں اسی طرز کا کپڑا ۔

juncaceous, a. اسلیائی ؛ اسلیہ کی نسل سے تعلّق رکھنے والے گھاس کی مانِند پودے جو گیلی زمین میں نشوونُما پاتے ہیں ۔

junco, snow bird, n. (طیوریات) جنکو ؛ سفید پروں کی دُم والا ، ایک چھوٹا سلیٹی خاکستری رنگ کا پرندہ جو شمالی امریکا کی ریاستوں میں پایا جاتا ہے ، اسے برفانی پرندہ بھی کہتے ہیں ۔

junction, n. سنگم ؛ اتصال ؛ جوڑ ؛ ملاپ ؛ مقام اِتّصال ؛ ریل کا جنکشن ؛ ملنے کی جگہ یا عمل ؛ جہاں دو یا زیادہ ریل کی پٹڑیاں یا سڑکیں ملتی ہوں ؛ (نقطہ) تقاطُع ؛ وصل ؛ ملاؤ ؛ میل ؛ ملن ۔

junctional, a. مقام اِتصال سے متعلّق ؛ اِتصالی ؛ وصلی ۔

juncture, n. سنگم ؛ اِتّصال ؛ میل ؛ ملاپ ؛ مقام اتّصال ؛ واقعات کا اکٹھا ہو جانا ؛ صورت حال ؛ مَوقع ؛ اجتماع ؛ منزل (واقع کی) ۔ (صوتیات) ایک آواز کا دُوسری آواز کی طرف انتقال یا گفتگو کی روانی کا خاتمہ ۔

June, n. جُون کا مہینہ ؛ سال کا چھٹا مہینہ جس میں ۳۰ دن ہوتے ہیں ؛ انگریزی چھٹا مہینہ ؛ اساڑھ ، ساون ۔

Juneberry, shadbush, service berry, n. تُخمِ اردج ؛ ایک چھوٹا ہلکے خاکستری رنگ اور ہموار چھال والا درخت جس کے سفید پُھول موسم بہار کی ابتدا میں کثرت سے کھلتے ہیں جس سے خُوردنی ارغوانی بیر پیدا ہوتے ہیں ۔

june bug, june beetle, may beetle, n. بڑا بُھورے رنگ کا بھونرا جو موسم گرما کے اوائل میں نمُودار ہوتا ہے اور اس کی پہل روپ سفید سُنڈیاں پودوں کی جڑوں پر پلتی ہیں ۔

jungle, n. جنگل ؛ بے ترتیب انبار ؛ بیکار ہریالی کی بہتات ؛ کاروبار میں کامیابی کے لیے بے جگر مقابلہ اور جدوجہد کا علاقہ ۔ (عوامی) مغربی افریقہ میں تجّار کی کمپنیوں کے حصّوں کا بازار ؛ کارندوں کے جمع ہونے کی جگہ ۔

jungled, jungly, a. جنگلی ؛ جنگل سے تعلّق رکھنے والا ۔

jungle fever, n. جنگلی بُخار ؛ تپ مُتَردَدَہ ؛ شرق الہند اور دیگر گرم خطّوں کی ایک بیماری ؛ باری کے بُخار کی ایک سخت قسم ۔

jungle fowl, n. جنگلی مُرغ ، جو شرق الہند سے تعلق رکھتا ہے اور پالتو پرندوں کے اجداد میں سے ہے ۔

junglegym, n. جنگل جم ؛ بچّوں کے کھیل کود اور ورزش کے لیے عمُودی اور افقی ڈنڈوں کا ڈھانچا ۔ (تجارتی نشان)۔

jungle rot, n. جنگلی جلدی بیماری ؛ گرم علاقوں میں جلد کی بیماری جیسے سماروغی مرض ۔

junior, a. چھوٹا ؛ اصغر (ہم نام باپ بیٹوں میں بیٹے کا اور ہم نام طالب علموں میں کم عمر والے کا لقب) ؛ جونیئر (جس کا زمانہِ خدمت یا رُتبہ کم ہو) ؛ صغیر ؛ متأخّر (ملازمت میں) ؛ زیر تر ؛ ماتحت ؛ کوچک ؛ عمر میں چھوٹا ؛ درجے میں کم یا چھوٹا ؛ نیچے کا ؛ کم ۔ (اسم) عمر میں دوسرے سے چھوٹا ؛ پیشے میں دوسرے کی نسبت نیا یا کم درجے کا ؛ چھوٹے قد کی لڑکیوں اور خواتین کے لیے ملبوسات کے ناپ ؛ طالب علم جو اپنے آخری تعلیمی سال سے پہلے والے سال میں ہو ۔ مخفف : jr , JR ۔

junior college, n. جُونیئر کالج ؛ ہائی اسکول کی تعلیم کے بعد دو سالہ تعلیمی ادارہ جس میں عام نصاب پڑھایا جاتا ہے ۔

junior high school, n. جونیئر ہائی اسکول ؛ ایک درمیانی یا انٹر میڈیٹ اسکول جو ساتویں ، آٹھویں اور بعض اوقات نویں جماعتوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔

junior miss, n. نو عمر لڑکی ؛ جس کی عمر تیرہ اور بیس سال کے درمیان ہو ؛ دوشیزہ ؛ پتلی اور چُست لڑکیوں اور عورتوں کے لباس کا سائز ؛ جونیئر مِس ۔

juniper, red cedar, n. (نباتیات) جونیپر ؛ ایک قسم کی صنوبری سدابہار جھاڑی یا درخت جس میں نیلے گوندنی جیسے مخروطی پھل

لگتے ہیں جو ادویہ سازی اور جن (شراب) کو خوشبودار بنانے میں کام آتے ہیں ؛ اردج؛ دفران ـ (نباتیات) ورجینیانا درخت جو خود رُو بھی ہے اور اگایا بھی جاتا ہے ، اس درخت کی لکڑی تجارتی اہمیّت کی حامل ہوتی ہے ـ

juniper oil, n. جونیپر گوندنی سے نکالا ہوا کافور صفت تیل جو جن (شراب) بنانے کے کام آتا ہے ـ

junk, n. کاٹھ کباڑ؛ جنک؛ دھات ، کاغذ یا چیتھڑے وغیرہ؛ کوئی چیزجسےبیکار یا فضول سمجھا جائے ؛ (جہاز کا) پُرانا رَسّا یا تار جن سے جہاز میں کام آنے والی چھوٹی رسیّاں ، جھاڑو وغیرہ بنائے جاتے ہیں ؛ پرانا سامان جو بیکار سمجھ کر پھینک دیا جائے ؛ بڑا قتلہ ؛ قاش ؛ کُندہ (لکڑی کا) ـ (جہاز رانی) نمک لگا گوشت جو بطور خوراک جہاز میں استعمال ہو ـ (عوامی) مُنشیّات ؛ مُسکرات ـ (فعل متعدی ، بول چال) ردّی کرنا ؛ ناقابل استعمال ہونے کی وجہ سے پرے پھینک دینا ـ

junkman, n. کباڑیا ؛ پُرانے سامان کی خریدو فروخت کرنے والا شخص ـ

junky, a. کاٹھ کباڑ کا ؛ بیکار ؛ فُضُول ؛ ناقابلِ استعمال ـ

junk, n. بڑا بحری جہاز ؛ چین اور جاپان میں مستعمل چپٹے پیندے کا بڑے بادبان والا دُنبالے دار بحری جہاز ؛ چینی جہاز ؛ پرانے ڈھنگ کا چین کا جہاز ـ

junk art, n. جنک آرٹ ؛ بیکار مشینی پرزوں ، عمارتی سازوسامان یا لکڑی کے ٹکڑوں سے بنایا ہُواسہ ابعادی کوئی مُجسمّہ یا فن پارہ ـ

junk artist, n. بیکار سامان سے مُجسمّہ بنانے والا فنکار ـ

Junker, n. جنکر ؛ پروشیائی اِمیر زادہ ؛ جرمن کا امیر زادہ؛ پروشیا (جرمنی) کے اُمرا کی پارٹی کا رُکن؛ جرمنی کا فوجی یا سرکاری اہلکار جو تنگ نظر اور مَغرُور تصوُّر کیا جائے ؛ سابقہ زمانہ میں نوعمر جرمن امیر/ثروت مند ـ

Junkerdom,n. جرمن اُمرا کی جماعت ؛ جرمن امرا کا مزاج یا پالیسی ـ

Jankerism, n. جنکر ازم ؛ جرمنی اُمرائیت ـ

janket, n. جینکٹ ؛ رائب ؛ پَھٹا دودھ؛ میٹھے خوشبُودار پنیر ملے جمے ہوئے دُودھ سے تیّار شدہ ایک کھانا ؛ دعوت ؛ ضیافت ؛ پکنک ؛ سیروتفریح؛ وہ دورہ جو بظاہر سرکاری یا کاروباری مقصد کے لیے کیا جائے لیکن سرکاری خرچ پر مزا اڑایا جائے ـ (فعل لازم) ضیافت میں شریک ہونـا ؛ پکنک کا منایا جانا ؛ سیر و تفریح پر ہونا ـ (فعل متعدی) تفریح کرنا ؛ ضیافت کرنا ـ

junketer, junketeer, n. سیرو تفریح کرنے والا ـ

junk food, n. ہلکی خوراک ؛ محدود غذائیت کی مختلف اغذیہ جو ہلکے ناشتے میں استعمال کی جاتی ہیں ـ

Junkie, n. (عوامی) نشے کا عادی ؛ منشیّات کا عادی ؛ چنڈوباز ؛ شرابی ؛ جَنکی ـ

Juno, n. [لاطینی] جُونو ؛ ایک باوقار عورت ؛ رُعب دار قد کاٹھ والی عورت ـ (فلکیات) چھوٹے اجرامِ فلکی یا سیارچوں میں کوئی روشن ترین جِرم فلکی یا سیّارچہ ـ

Junoesque, a. لمبے قد کی رعب داب والی عورت سے متعلّق ؛ جُونو دیوی سے متعلّق ـ

junta, junto, n. مشاورتی یا انتظامی کونسل خصوصاً ہسپانیہ اور لاطینی امریکا کی ؛ انقلاب کے بعد کسی کمیٹی کی عُبُوری حکومت ؛ لوگوں کا گروہ جو مشترکہ مقصد یا اکثر بغرض سازش متحد ہو جائے ؛ سیاسی ٹولی ـ

Jupiter, n. [رومیوں کے دیوتا جیوپیٹر کے نام پر] (فلکیات) مشتری سیّارہ ؛ سب سے بڑا سیارہ جو سورج سے پانچویں درجہ پر ہے ؛ برہسپت ؛ بُرمز ؛ قاضیٔ فلک ـ(فضائیات) امریکا کا درمیانے نشانے کا ابتدائی قذفی میزائل ـ

jupon, gipon, n. جپون ؛ بغیر آستینوں کا تنگ فوجی لباس جو پہلے زرّہ کے اوپر پہنا جاتا تھا ـ

jural, a. قانُونی ؛ متعلّق بہ قانُون ؛ حقوق و فرائض سے متعلّق ـ

Jurassic, a. (ارضیات) [فرانس کے پہاڑ جورا کے نام پر] جُراسی ؛ اس طبقات الارضی دور سے متعلّق جو کھریا مٹّی کے دور سے پہلے اور سرگانی چٹانی طبقات کے دور کے بعد میں آتا ہے ؛ اس دور کے چٹانی نظام سے متعلّق ـ (اسم) جو رائی پہاڑوں کا زمانہ یا نظام ، عصرِ جراسی ـ نیز:Jura ـ

jurat, n. (قانون) حلف نامہ پر یہ بیان کہ حلف نامہ کب ، کہاں اور کس کے سامنے دیا گیا ـ

juratory, a. (قانون) حلف میں بیان شدہ ، اس کے بارے میں یا جس پر حلف کی بُنیاد ہو ، حَلفی ـ

jurel, n. ہورل ؛ جزائر غربُ الہند کی ایک مچھلی ـ

juridical, juridic, a. (قانون) معدلتی ؛ قانون ، ججوں یا انصاف کے انتظامی اُمُور سے متعلّق ؛ ضابطۂ عدالت یا قانُونی کارروائی سے متعلّق ؛ منصفی کا ؛ انصاف کا ؛ عدَل گُسترانہ ؛ عدالتی ـ

juridically, adv. قانونی طور پر ؛ قانوناً ؛ حسب آئین یا قانون ـ

juriconsult, n. قانُونی مشیر ؛ ماہرِ قانون ؛ عالمِ قانون ؛ مقنّن ؛ قانُون دان ؛ فقیہ ؛ بالخُصُوص عوامی اور بین الاقوامی قانون کا ماہر ؛ مُفتی ؛ وکیل ـ

jurisdiction, n. دائرہ اختیار ؛ حد اختیار ؛ قانون نافذ کرنے یا فیصلہ صادر کرنے کا حق یا اختیار ؛ عدالتی اختیار ؛ اقتدار یا اختیار بالعموم ؛ حکُومت ، عدالتی یا کسی اور اختیار کا دائرہ یا حد ؛ زیر اختیار علاقہ ؛ عدالتی تنظیم ؛ عدالت یا عدالتوں کا نظام ؛ عدل و انصاف کا نظام ؛ عملداری ؛ قلمرو ؛ دائرۂ اثر؛ حیطہِ اختیار ؛ حُدُودِ حکومت ؛ علاقہ ـ

jurisdictional, a. عدالتی ؛ عدل و انصاف کا ؛ نظمِ عدل کے متعلق؛ حد اختیار یا حلقۂ اختیار کے متعلّق ؛ دائرۂ اختیار سے متعلّق ـ

jurisdictionally, adv. نظمِ عدل کے بارے میں ؛ حدِّاختیار یا حلقۂ اختیار کے بارے میں ؛ عدل و انصاف کے ساتھ ـ

jurisprudence, n. اصول قانُون ؛ فِقہ ؛ عِلمِ قانون ؛ فلسفۂ قانون ؛ قانُون دانی ؛ قانونی مہارت ؛ باضابطہ اُصُول جن پر قوانین مبنی ہوتے ہیں ؛ عدالتی فیصلوں کا مجموعہ ؛ محکمہ قانون؛ کوئی بھی اصول (جیسے : medical jurisprudence) ؛ قانونیات ـ

jurisprudential, a. فقہی ؛ قانونی ؛ فلسفہ قانون سے متعلّق ـ

jurisprudentially, adv. فِقہ کی رو سے ؛ اُصُول قانون کی رُو سے ـ

jurisprudent, a., n. ماہرِ قانُون ؛ فقیہہ ؛ قانُون دان ؛ عالمِ قانون ؛

مقنّن ـ

jurist, n. مفسّرِ قانون ؛ وکیل؛ جج ؛ ماہر قانون خصوصاً دیوانی قانون میں ؛ قانون پر کتابیں لکھنے والا ؛ قانون کا طالب علم ؛ مقنّن ؛ فقیہہ ؛ قانون دان ؛ واقف قانون ؛ مُفتی۔

juristic, a. قانون سے متعلّق ؛ قانونی۔

juristically, adv. قانونی طور پر ؛ قانوناً ؛ بجا طور پر۔

juror, n. جیوری کا رُکن ؛ حلف اٹھانے والا؛ حلف اٹھائے ہوئے لوگوں کی جماعت میں سے کوئی ایک جو ان کے سامنے پیش کردہ قانونی مقدمہ کا فیصلہ دیتے ہیں ؛ کسی مقابلے کے مُنصِفوں کے زمرے میں سے کوئی ایک ؛ رُکن جیوری ؛ سچی شہادت دینے کا حلف اٹھانے والا فرد ـ

jury, n. جیوری ؛ انعامی مقابلے کے ججوں کی جماعت ؛ پنچ ؛ لوگوں کی ایک خاص تعداد ، جو قانون کے مطابق منتخب کیے جاتے ہیں اور حلف اُٹھاتے ہیں تا کہ حقائق کی تفتیش کر کے ان کا تعیّن کریں اور اپنا فیصلہ قانونی شہادت کے مُطابق سنائیں ؛ کسی میلے ، مقابلۂ حُسن یا کسی عوامی نمایش میں انعامات کا فیصلہ کرنے کے لیے مُنتخب مجلس ؛ اہلِ جیوری ؛ ثالث ـ

juryman, جیوری کا رُکن ـ

jury, a. (جہاز رانی) کسی گُمشدہ چیز کے لیے عارضی طور پر دوسری چیز کو بطور نعم البدل استعمال کرنے کے لیے اصطلاح (جیسے : jury rudder)؛ عارضی تدبیر؛ حکمتِ عملی ـ

jury-rigged, a. (جہاز رانی) عارضی آراستہ ؛ جہاز کو عارضی طور پر مستول یا پال سے آراستہ کیا ہوا ـ

jussive, a. (گرامر) امرِ تاکید کے صیغے سے متعلّق ـ (اسم) امر تاکیدی کا صیغہ ـ

just, a. ٹھیک ٹھیک اور مناسب عمل کرتے ہوئے ؛ بلا رُو رعایت ؛ مبنی برانصاف ؛ عادِل ؛ مُنصِف ؛ عدل پسند ؛ منصفانہ ؛ عادلانہ ؛ بجا ؛ استحقاق کے مطابق ؛ ٹھیک ؛ مناسب (مقدار وغیرہ کے لحاظ سے) ؛ معقول ؛ قانونی ؛ سچ ؛ صحیح ؛ راست ؛ حق پرست ؛ سیدھا ؛ ایماندار ؛ مناسب ؛ سچّا ؛ انصاف پسند ؛ حق پر ؛ دُرست (جیسے : just reward)؛ قانونی (جیسے : just debts) ـ (متعلّق فعل) بجا طور پر ؛ انصاف سے ؛ عدل سے ؛ ابھی ابھی ؛ اِس لمحے ؛ ذرا دیر پہلے (جیسے : just now) ؛ عین نزدیک (جیسے : just by) ؛ عین وقت پر (جیسے : just in time)؛ ابھی ابھی (جیسے : She just arrived) ـ

justly, adv. مُنصفانہ طور پر ؛ صحیح صحیح ؛ راستی سے ؛ منصفانہ ؛ واجبیت سے ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ بجا طور پر۔

justness, n. اِنصاف ؛ مبنی برانصاف ؛ راستی؛ صداقت ؛ صحت؛ سچائی ؛ حق ؛ واجبیت ؛ دُرستی ؛ معقُولیت ـ

just, n. دیکھیے : joust ـ

justice, n. انصاف ؛ عدل ؛ قانونی اور اخلاقی اُصُولوں کی بُنیاد پر متصادم مفادات کا غیر جانبدارانہ اور تعصُّب سے پاک فیصلہ ؛ ایمانداری ؛ دیانت ؛ عدل گُستری ؛ انصاف کا برتاؤ ؛ داد دہی ؛ عدالتی کارروائی ؛ عدالتِ عالیہ کا جج ؛ مجسٹریٹ ؛ حاکِم ؛ قاضی ؛ مُنصِف ؛ جج ؛ جسٹس ـ

justiceless, a. نامُنصفانہ ؛ بغیر عدل کے ؛ بغیر انصاف کے ؛ غیر منصفانہ ـ

justicelike, a. انصاف کی طرح ؛ عدل کی طرح ؛ عادلانہ ؛ منصفانہ ـ

justice of the peace, n. ناظِم امن ؛ مفصلات کا چھوٹے درجے کا مجسٹریٹ جو سزا اور جرمانہ کر سکتا ہے اور زیادہ بڑے مُقدمّات میں ابتدائی کارروائی کرتا ہے ، شادی بیاہ کراتا اور حلف لیتا ہے ؛ حاکم عدل ـ

justiciable, a. قابل داد رسی ؛ عدل پذیر ؛ دادرس ؛ اندرون اختیارِ سماعت ؛ ماتحت ؛ حلقۂ حُکُومت کے اندر ؛ جس کا قانون کے مطابق یا عدالت کے ذریعے تصفیہ ہو سکتا ہو ؛ قابل چارہ جوئی ؛ روا؛ حق بجانب ؛ دُرُست ؛ واجِب ؛ ٹھیک ؛ مُناسب ـ

justiciability, n. داد پذیری ؛ عدل پذیری ؛ داد رسی ؛ اختیار سماعت ـ

justiciar, n. (تاریخ) صدرِ عادل ؛ صدر اعظم ؛ وزیرِ سیاست و عدالت ؛ نارمن بادشاہوں اور ابتدائی بادشاہوں کے زمانے کا سب سے بڑا سیاسی اور قانُونی عہدے دار۔

justiciary, a. انتظامی اُمورِ عدل و انصاف کا یا اس سے متعلّق ـ (اسم قانون) حاکم مجاز ؛ عدل گستر ؛ داد گستر ـ

justifiable, a. قابل جواز؛ قابل مدافعت ؛ جو صحیح یا حق بجانب ثابت کیا جا سکے ؛ جائز۔

justifiability, justifiableness, n. معذرت پذیری ؛ واجبیت ؛ روا داری؛ عذر پذیری ؛ صحیح یا حق بجانب ثابت کیا جا سکنا ؛ مدافعت پذیری ؛ جواز پذیری ؛ جوازیت ؛ جواز ـ

justifiably, adv. جوازپذیرانہ ؛ اس طور پر کہ صحیح یا حق بجانب ثابت ہو سکے ؛ معذرت پذیرانہ ـ

justification, n. جواز ؛ وُجُوب؛ صحیح یا حق بجانب ثابت کرنے یا ہونے کا عمل ؛ وجہ معقول ؛ تائید ، جواز ـ (الہٰیات) نظریہ برِات ، وہ فعل جس کے ذریعے انسان کو مُنصِف بنایا گیا ہے یا گناہ اور سزا سے بَری کیا گیا ہو ؛ برایت ؛ عُذر ؛ تَوجیہ ؛ الفاظ بنْدی ؛ سطر بندی ؛ واجبیت ؛ رواداری ؛ داد دہی ؛ نجات ؛ بریّت ؛ چُھٹکارا؛ جواب؛ حمایت؛ شفاعت ؛ بخشش ؛ ثبوت ـ

justificative, justificatory, a. تائیدی ؛ صحیح یا حق بجانب ثابت کرنے والا ـ

justify, v.t. صحیح یا بجا ثابت کرنا (قول یا فعل کو) ؛ تائید میں دلائل پیش کرنا ؛ صحیح یا حق بجانب ثابت کرنے کی کوشش کرنا (جیسے : They justify their conduct) ؛ کسی بات کے لیے سبب یا وجہ پیش کرنا (جیسے : The end justifies the means)؛ واجب ٹھہرانا ؛ روا رکھنا ؛ حُجّت یا دلیل سے ثابت کرنا؛ بجا یا روا بتانا ؛ مناسب یا مطابق بَتانا ؛ حق بجانب قرار دینا؛ سچ ثابت کرنا ـ (قانون) بے گُناہ قرار دینا؛ بَری کر دینا ؛ چھوڑ دینا؛ بے گناہ ٹھہرانا ـ (طباعت) جگہ دے کر صحیح لمبائی تک لائنوں کو بٹھانا ؛ سطریں ٹھیک کرنا ؛ بِٹھانا ؛ یکساں کرنا ـ (الہٰیات) کفارۂ مسیح یا قبول دعا کی بنا پر کسی شخص کے گناہوں سے پاک ہو جانے کا اعلان کرنا ؛ گناہ یا سزا سے بری کرنا ـ (فعل لازم) (طباعت) طباعت کے لیے سطور میں موزوں ہونا ـ (قانون) کسی کام کے کرنے کا تَسلّی بخش جواز پیش کرنا ـ

justifier, n. صحیح یا بجا ثابت کرنے والا (اپنے قول یا فعل کو) ؛ روا رکھنے والا ؛ واجب ٹھہرانے والا ؛ حمایتی ؛ جانب دار ؛ حامی ؛ گُناہ